http://dailygawadarbusiness.com.pk
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس
کوئٹہ
جلد 22 | جمعہ 17 جولائی 2026ء | 02 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 15

پاسدارانِ انقلاب کا امریکی 9 ڈرون مار گرانے کا دعویٰ، ان کی الاق ایئر بیس پر ڈرون حملے

ٹرمپ نے ایران میں زمینی فوج بھیجنے پر غور شروع کر دیا، امریکی اخبار کا دعویٰ

امریکی فوج نے ایرانی بندرگاہ کی جانب جانے کی کوشش کرنیوالے ٹینکر جہاز کو میزائل مار کر ناکارہ بنا دیا، ایران کی جانب سے داغے گئے 4 کروز میزائلوں اور 21 ڈرونز کو تباہ کر دیا، کویت

ایران کی بحری ناکہ بندی پر پاسداران انقلاب کا مشرق وسطیٰ سے تمام توانائی برآمدات روکنے کا اعلان، خطے کی مسلم ریاستوں سے تصادم کا ارادہ نہیں، ایرانی فوج

تہران/ کویت سٹی/واشنگٹن (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکی ایم کیو 9 ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ امریکی ایم کیو 9 ڈرون (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

اس نے جنوب مغربی شہر اندیمشک کے اوپر ایک

صدرِ مملکت نے وزیراعظم کی سفارش پر تین سمریوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم کی سفارش پر تین سمریوں کی منظوری دے دی۔ صدرِ مملکت (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

نیب قانون ترمیم کیس، اختیار سرنڈر نہیں کیا، 27 ویں ترمیم سپریم کورٹ نہیں، پارلیمنٹ نے کی، جج

سپریم کورٹ نے سپریم کورٹ میں نیب قانون ترمیم کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا، ایک یا دو دن میں فیصلہ سنائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں نیب قانون ترمیم کیس کی سماعت ہوئی، وکیل عباد الرحمان لودھی نے کہا ہے کہ ہائیکورٹ کے حتمی فیصلہ کیخلاف اپیل آئینی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن کا عام انتخابات سے قبل انتخابی قوانین، آئین میں تبدیلیوں کا فیصلہ

کمیٹی عام انتخابات 2024 میں سامنے آنے والی قانونی و آئینی خامیوں کا جائزہ لے گی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے آئندہ عام انتخابات سے پہلے الیکشنز سے متعلق قانون و آئین میں ترامیم کرانے کا فیصلہ کر لیا۔ الیکشن کمیشن نے اپنی لیگل ریفارمز (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

خطے کی صورتحال میں غیر یقینی برقرار، ہر چیلنج سے نمٹنے کیلئے تیار رہیں، شہباز شریف

وزیراعظم کی زیرِ صدارت خطے میں کشیدگی کے ملکی معیشت پر اثرات کا جائزہ اجلاس، سادگی و کفایت شعاری کے اقدامات پر رپورٹ پیش، پٹرولیم مصنوعات اور توانائی کے بچت کی قومی مہم میں عوام کے بھرپور تعاون کو سراہا

اللہ کے فضل و کرم سے ملکی معیشت مستحکم ہے، ضرورت پڑنے پر بروقت اقدامات کیلئے جامع لائحہ عمل مرتب کیا جائے، خطے میں کشیدگی بڑھنے کے منفی اثرات سے ملکی معیشت کے مستقبل میں متاثر ہونے کا اندیشہ ہے

مؤثر حکومتی حکمتِ عملی سے ملک میں ایندھن کی فراہمی کی صورتحال کا بہترین انداز میں انتظام کیا، حکومت نے عام آدمی، موٹر سائیکل سواروں، رکشہ ڈرائیوروں اور ٹرانسپورٹرز کو تحفظ فراہم کیا

صوبائی حکومتوں سے مل کر پٹرولیم مصنوعات کی مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ خطے کی صورتحال میں غیر یقینی برقرار ہے، ہر ممکنہ چیلنج سے نمٹنے کے لیے مکمل تیاری رکھیں، اللہ کے فضل و کرم سے ملکی معیشت مستحکم ہے، ضرورت پڑنے پر بروقت اقدامات کیلئے جامع لائحہ عمل مرتب کیا جائے، خطے میں کشیدگی بڑھنے کے منفی اثرات سے ملکی معیشت کے مستقبل میں متاثر ہونے کا اندیشہ ہے، صوبائی حکومتوں سے مل کر پٹرولیم مصنوعات کی مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف سخت (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

جون میں پاکستان کا تجارتی خسارہ 62.4 فیصد بڑھ کر 4.7 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

برآمدات 14 ماہ کی کم ترین اور درآمدات 48 ماہ کی بلند ترین سطح پر

مالی سال 2025-26ء کا تجارتی خسارہ 39.6 ارب ڈالر ریکارڈ

کراچی (این این آئی) پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جون 2026ء کے دوران ملک کا تجارتی خسارہ سالانہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

کراچی: گورنر سندھ سید نہال ہاشمی قومی پیغام امن کمیٹی کے رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری، مزید 3 خوارج مارے گئے

موثر کارروائیوں میں خارجی دہشتگردوں کو بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑا، دشوار گزار علاقوں میں کمین گاہوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا

5 جولائی سے اب تک مجموعی طور پر 129 خارجی دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں، سیکورٹی ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان کے نتیجے میں مزید تین دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز کی کارروائیوں میں مزید 3 دہشت گردوں کے ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں، 5 جولائی سے اب تک مجموعی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی نے مراعات اور گاڑیاں واپس نہ لینے کا کبھی نہیں کہا، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی ثناء اللہ مستی خیل اور دیگر اراکین اسمبلی کے دعوؤں پر ترجمان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ اسپیکر قومی اسمبلی نے مراعات اور گاڑیاں واپس نہ لینے کا کبھی نہیں کہا۔ اپنے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں 1.245 ارب ڈالر کی کمی

کمرشل بینکوں کے پاس موجود خالص زرمبادلہ ذخائر 5 ارب 449.7 ملین ڈالر رہے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے مجموعی سیال زرمبادلہ ذخائر 10 جولائی 2026ء کو 22 ارب 675.5 ملین ڈالر ریکارڈ کیے گئے، جبکہ بیرونی قرضوں کی ادائیگیوں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچنے پر ارجنٹائن کے دارالحکومت میں شائقین سڑکوں پر نکل آئے ہیں

یادگار میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین کے دھرنے کو دن 8 مکمل

شہریوں، سیاسی رہنماؤں سمیت دیگر افراد کی بڑی تعداد نے دھرنے میں شرکت کر کے لواحقین سے اظہار یکجہتی کیا

حکومت اور دھرنا کمیٹی میں مذاکرات کا سلسلہ جاری، آج صوبے بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال

کوئٹہ (این این آئی) زیارت میں دہشتگردوں کے حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین کے دھرنے کو 8 دن مکمل، حکومت اور دھرنا کمیٹی میں مذاکرات کا سلسلہ جاری، آج صوبے بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال۔ تفصیلات کے مطابق زیارت کے علاقے مانگی میں ڈیم کے پیمپنگ اسٹیشن سے اغواء کے بعد شہید کیے جانے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور زیارت کے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

آزاد جموں و کشمیر کے عوام فیصلہ کارکردگی کی بنیاد پر کریں گے، بیرسٹر دانیال چوہدری

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، تعمیر و ترقی اور خطے کی خوشحالی کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں

مخالفین کے پاس عوام کو دینے کے لیے صرف الزامات اور منفی سیاست ہے

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر کے عوام آئندہ انتخابات میں کارکردگی، (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

وینزویلا میں زلزلوں سے ہلاکتوں کی تعداد 4 ہزار 800 سے متجاوز، مزید بڑھنے کا خدشہ

کراکس (این این آئی) تازہ ترین سرکاری اعداد و شمار کے مطابق وینزویلا میں آنے والے زلزلوں سے مرنے والوں کی تعداد 4,890 ہو گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

لوئر دیر، مسلح افراد اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، 3 اہلکار شہید، متعدد زخمی

لوئر دیر (این این آئی) لوئر دیر کے علاقے لڑم ٹاپ رباط درہ میں سرچ آپریشن کے دوران مسلح افراد اور پولیس کے درمیان فائرنگ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

پشاور، گھر میں آگ لگنے سے میاں، بیوی اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے تہکال پایان میں ایک رہائشی گھر (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

لاہور: طالبات پنجاب اسمبلی میں پاک چائنا دوستی کی مناسبت سے تصاویر دیکھ رہی ہیں

انٹربینک میں ڈالر 21 ماہ کی کم ترین سطح پر آ گیا

روپیہ مزید مستحکم، انٹربینک میں ڈالر 278 روپے سے نیچے بند، اوپن مارکیٹ میں نرخ برقرار

کراچی (این این آئی) مثبت معاشی اشاریوں، ساتھ متوقع اقتصادی تعاون اور عالمی سطح پر امریکی ڈالر کی کمزوری کے باعث (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆ اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کفایت شعاری اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

ترجمان دفتر خارجہ

ثالثی کی کوششیں جاری ہیں، کشیدگی وقتی طور پر غالب ہے، امید ہے بالآخر امن اور مذاکرات کی سوچ کامیاب ہوگی، ایران اور امریکا کے درمیان دوبارہ کشیدگی پر تشویش ہے

پاکستان موجودہ علاقائی صورتِ حال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، آبنائے ہرمز میں جلد معمول کی صورتحال کی بحالی ناگزیر ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان امن کوششوں سے دستبردار ہونے کے تاثر کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن کا عمل کبھی ختم نہیں ہوتا وقتی تعطل کا شکار ہو سکتا ہے، ثالثی کی کوششیں جاری ہیں، کشیدگی وقتی طور پر غالب ہے، امید ہے بالآخر امن اور مذاکرات کی سوچ کامیاب ہوگی، ایران اور امریکا کے درمیان دوبارہ کشیدگی پر تشویش ہے، (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ملتان: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان موٹروے سیکشن پر کام کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان نے امریکا ایران امن کوششوں سے دستبرداری کا تاثر مسترد کر دیا

امن کا عمل کبھی ختم نہیں ہوتا وقتی تعطل کا شکار ہو سکتا ہے

آئی ایم ایف کی پاکستان کی معاشی نمو ہدف سے کم رہنے کی پیش گوئی، مہنگائی بڑھنے کا خدشہ

پاکستان میں اوسط مہنگائی کی شرح 8.4 فیصد اور 2026 کے دوران پاکستان سمیت عالمی سطح پر مہنگائی میں اضافے کا امکان موجود ہے

پاکستان کی معیشت رواں مالی سال میں 3.6 فیصد کی شرح سے ترقی کر سکتی ہے، ورلڈ اکنامک آؤٹ لک رپورٹ میں پیش گوئی

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے اپنی تازہ ورلڈ اکنامک آؤٹ لک رپورٹ میں پیش گوئی کی ہے کہ پاکستان میں رواں مالی سال معاشی ترقی کی رفتار حکومتی ہدف سے کم رہے گی، جبکہ 2026 کے دوران پاکستان سمیت دنیا بھر میں مہنگائی میں اضافے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معیشت رواں مالی سال میں 3.6 فیصد کی شرح سے ترقی کر سکتی ہے، جبکہ وفاقی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

مسلم لیگ (ن) تعمیر و ترقی کی علامت ہے، رانا ثناء اللہ

نواز شریف اور مریم نواز شریف آزاد کشمیر میں انتخابی مہم میں شریک ہوں گے

آزاد کشمیر میں حکومت (ن) لیگ کی ہوگی، امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام اور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن تعمیر و ترقی کی علامت ہے، آزاد کشمیر میں آنے والا دور مسلم لیگ (ن) کا (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر جام کمال خان، مصر کے سفیر اور دیگر کے ہمراہ جمہوریہ مصر کے قومی دن کی مناسبت سے کیک کاٹ رہے ہیں

بنگلہ دیش، حسینہ واجد سے منسلک 6 ارب 20 کروڑ ڈالر کے اثاثے ضبط

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش میں معزول وزیراعظم حسینہ واجد سے منسلک 6 ارب 20 کروڑ ڈالر کے اثاثے ضبط کر لئے گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق بنگلہ دیشی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

نائب امریکی صدر نے ایران میں زمینی فوج بھیجنے کی خبروں کو مسترد کر دیا

مفاہمتی یادداشت کو ناکام بنانے کیلئے اسرائیل کی جانب سے سازشیں ہونیکا انکشاف

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکا ایران مفاہمتی یادداشت کو ناکام بنانے کیلئے اسرائیل کی جانب سے سازشیں ہونے کا انکشاف کیا ہے۔ ایک (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

ملتان: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان موٹروے سیکشن پر کام کا جائزہ لے رہے ہیں

حکومت نے فوری طور پر چینی برآمد کرنے کی تجویز مسترد کر دی

فیصلہ مارکیٹ میں قلت کے خدشے اور قیمتوں میں اضافے کو روکنے کیلئے کیا

آئندہ کرشنگ سیزن کے قریب سرپلس چینی برآمد کرنے کی منظوری دی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے فوری طور پر چینی برآمد کرنے کی تجویز مسترد کر دی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں قائم ذیلی کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ آئندہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت کیلئے پہلی آئینی درخواست دائر

راولپنڈی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کی اجازت کیلئے پہلی آئینی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

حکومت کا 1100 سرکاری و نجی ہسپتالوں میں اے آئی نظام کے نفاذ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے وزیراعظم صحت کارڈ پروگرام (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گلگت بلتستان کو عبوری صوبہ بنانے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور

جی بی کی دیگر صوبائی، قومی اور سینیٹ میں نمائندگی، این ایف سی ایوارڈ کا مطالبہ

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کو عبوری صوبائی حیثیت دینے سے متعلق مشترکہ قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گلگت بلتستان اسمبلی کا اجلاس (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

عراق، بصرہ آئل ٹرمینل پر ڈرون حملے کے بعد تمام ٹرمینلز پر تیل کی لوڈنگ معطل

بغداد (این این آئی) عراق کے بصرہ آئل ٹرمینل پر ڈرون حملے کے بعد تمام آئل ٹرمینلز پر خام تیل کی لوڈنگ معطل کر دی گئی۔ (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: نائب امیر جماعت اسلام پاکستان لیاقت بلوچ کشمیر امن جرگہ کے ممبران کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حکومت ملک میں اعلیٰ تعلیم تک رسائی بڑھانے کیلئے اقدامات کر رہی ہے

احسن اقبال

احسن اقبال کا بوسٹن یونیورسٹی اور ہارورڈ کے اداروں کے ساتھ شراکت داری کے فروغ پر زور

وفاقی وزیر نے علم پر مبنی معیشت اور جدت کے فروغ کے لیے تعاون ناگزیر قرار دیدیا

بوسٹن (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے اپنے دورہ بوسٹن کے دوران ممتاز تعلیمی اداروں، محققین اور جدت سے وابستہ اداروں کے سربراہان سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں اعلیٰ تعلیم، موسمیاتی لچک، معاشی ترقی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

ملک کی نوجوان نسل میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

حکومت نوجوان نسل کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی، وفاقی وزیر پارلیمانی امور کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ ملک کی نوجوان نسل میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں ہے، حکومت نوجوان نسل کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی تاکہ دنیا بھر میں وہ ملک کا نام روشن کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

بوسٹن: وفاقی وزیر احسن اقبال دورہ بوسٹن کے دوران ممتاز تعلیمی اداروں، محققین اور جدت سے وابستہ اداروں کے سربراہان سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کر رہے ہیں

ایران امریکا کشیدگی: عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں چوتھے روز بھی اضافہ

لندن (یو این اے) امریکا کے ایران میں تازہ حملوں کے بعد آبنائے ہرمز کے ذریعے توانائی کی ترسیل میں مزید رکاوٹ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

شہدا کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، نہال ہاشمی

کراچی (یو این اے) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ شہدا کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ کراچی میں (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

محمود خان اچکزئی

پاکستان تو ٹوٹنا نہیں چاہتے، ضمانت دی جائے پشتون ملک میں سیال برابر ہوگا

پشتون قوم یہ اہلیت اور صلاحیت رکھتی ہے کہ وہ اپنے وطن کا دفاع کر سکیں، تمام پشتونوں کا جرگہ بلانا ہوگا، سربراہ پشتونخوا میپ

مائنز اینڈ منرل بل کینسل کرنا پڑیگا پھر مل بیٹھ کر بات کرینگے اگر بندوق کے زور پر ہماری زمینیں قبضہ ہونگی تو ٹھیک ہے ہم نہ بندوق اٹھائینگے نہ لڑینگے

کوئٹہ (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر و پشتونخوا میپ کے چیئرمین اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے ساختہ زیارت کے خلاف کوئٹہ پھاٹک پر جاری احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع قوم کی خودمختاری، عزت و آبرو، تعلیم و ترقی کے لیے متحد ہونا ہوگا، 5 سال پہلے کہا تھا کہ آئین متحد ہو جائیں، اکابرین پر (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ کی بوئنگ گلوبل کے صدر برینڈن نیلسن سے ملاقات

واشنگٹن (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی نے بوئنگ گلوبل کے صدر برینڈن نیلسن سے ملاقات کی جس میں پی آئی اے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

جے یو آئی کے مولانا سعید یوسف خان اور راولاکوٹ کی قبائلی شخصیت کامران اعظم خان میرے ساتھ رابطے میں رہے، مولانا فضل الرحمٰن

وزیراعلیٰ کی گندم ذخیرہ کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کی ہدایت

صوبے سے باہر گندم منتقلی اور کھپت سے سندھ کو گندم کا خسارہ ہو سکتا ہے، بریفنگ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیرِ صدارت محکمہ خوراک کا اجلاس ہوا، جس کے دوران صوبے میں گندم کی پیداوار، ذخائر، دستیابی اور مستقبل کی ضروریات کا جائزہ لیا گیا۔ مراد علی شاہ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ 1 لاکھ 72 ہزار میٹرک ٹن سے زائد چھپائی گئی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار وفد کے ہمراہ 2 روزہ سرکاری دورے پر شنگھائی پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اپنے وفد کے ہمراہ دو روزہ سرکاری دورے پر چین (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے اے این پی کے رہنما ایمل ولی خان ملاقات کر رہے ہیں

حکومت کا الاعدم ایکشن کمیٹی کے درمیان مذاکرات کامیاب، 21 جولائی تک مارچ مؤخر

حکومت کی جانب سے کالاعدم ایکشن کمیٹی کو مطالبات کے حل کی یقین دہانی کرائی گئی، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو 22 جولائی مارچ ہوگا، کالاعدم کمیٹی

جے یو آئی کے مولانا سعید یوسف خان اور راولاکوٹ کی قبائلی شخصیت کامران اعظم خان میرے ساتھ رابطے میں رہے، مولانا فضل الرحمٰن

اسلام آباد/راولاکوٹ (این این آئی) حکومت اور کالاعدم ایکشن کمیٹی کے درمیان مذاکرات کامیاب ہو گئے جس کے بعد کالاعدم ایکشن کمیٹی نے مظفر آباد کی جانب مارچ 21 جولائی تک مؤخر کر دیا۔ رہنما کالاعدم ایکشن کمیٹ یکے مطابق مطالبات تسلیم نہ کیے تو 22 جولائی کو مارچ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

نیشنل کوآرڈینیشن اینڈ مینجمنٹ کونسل اجلاس

پیٹرولیم مصنوعات کے وافر ذخائر موجود، طلب پوری کرنے کے لیے اسٹاک کافی ہے، بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک و ممبران این سی ایم سی، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل، ممبر کسٹمز ایف بی آر، اوگرا اور متعلقہ اداروں کی شرکت، پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی کا جامع جائزہ لیا گیا، او سی اے سی کے نمائندوں کی جانب سے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

شرجیل انعام میمن کی مولانا فضل الرحمان سے متنازع بیان واپس لینے کی اپیل

شہداء کے اہل خانہ کی دل آزاری ہوئی ہے اور موجودہ حالات میں قومی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ناگزیر ہے

قوم، سیاسی قیادت، افواج، تاجر برادری اور تمام مکاتب فکر نے متحد ہو کر ملک کا دفاع کیا

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، منتخب بلدیاتی اداروں کی آئینی مدت 8 فروری 2027 کو ختم ہونے کا نوٹیفکیشن جاری

مدت ختم ہونے پر تمام بلدیاتی نمائندے عہدوں سے سبکدوش ہو جائیں گے

کوئٹہ (یو این اے) حکومت بلوچستان نے صوبے بھر میں قائم تمام منتخب بلدیاتی اداروں کی مدتِ کار کے اختتام سے متعلق باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ترکیہ

پاک فوج کے سربراہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ترکیہ کا سرکاری دورہ کیا جس کا مقصد دونوں برادر ممالک کے درمیان تزویراتی اور دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ مسلح افواج کے شعبہ ؟ تعلقاتِ عامہ کے مطابق، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ترک صدر رجب طیب ایردوان سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، دفاعی تعاون، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ علاوہ ازیں، ترک وزیر دفاع، ترک جنرل سٹاف کے سربراہ اور دیگر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت سے بھی ملاقاتیں کی گئیں جن میں مضبوط تزویراتی شراکت داری کے فروغ اور دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پاک ترک دفاعی تعاون میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں ترک مسلح افواج کا امتیازی خدمات کا تمغہ بھی عطا کیا گیا۔ یہاں قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ یہ دورہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب وزیراعظم محمد شہباز شریف بھی رواں ماہ کے اوائل میں استنبول میں صدر ایردوان سے ملاقات کر چکے ہیں جس میں دونوں رہنماؤں نے دیرینہ برادرانہ تعلقات کے تسلسل پر زور دیا اور دوطرفہ تجارت کو پانچ ارب ڈالر تک بڑھانے کا عزم ظاہر کیا۔ اس تناظر میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ سیاسی وعسکری دونوں سطحوں پر پاک ترک تعلقات کی مسلسل مضبوطی کا مظہر ہے۔ واضح رہے کہ ترکیہ پاکستان بحریہ کے لیے جدید کروویٹ جنگی جہاز بھی تیار کر رہا ہے جو دہائیوں پرانے دفاعی تعاون کا ایک اہم حصہ ہے۔ علاقائی سلامتی کے تناظر میں یہ دورہ خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر گزشتہ کئی ماہ سے خطے میں پاکستان کی سفارتی کوششوں میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ایران اور امریکا کے مابین ثالثی کی کوششوں میں پاکستان کے کردار کے ضمن میں انھوں نے متعدد بار ایران کے دورے کیے اور جون میں سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے اعلیٰ سطح امریکا ایران مذاکرات میں بھی شرکت کی۔ اس دوران پاکستان نے ترکیہ، قطر، سعودی عرب اور دیگر اتحادیوں کے ساتھ مل کر مشرقِ وسطیٰ میں وسیع تر عدم استحکام کو روکنے کی کوششوں میں ہم آہنگی پیدا کی۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے موقف عالمی تنازعات کے پر امن اور سفارتی حل کے حوالے سے حیرت انگیز طور پر ہم آہنگ نظر آتے ہیں اور دونوں ممالک اس بات پر متفق ہیں کہ خطے میں دیرپا امن کا واحد راستہ مذاکرات اور سفارت کاری ہی ہے۔ یوں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا یہ دورہ محض ایک روایتی سرکاری دورہ نہیں بلکہ پاک ترک تعلقات کی نئی جہت کا آغاز ہے۔ دفاعی تعاون، فوجی تربیت، تکنیکی اشتراک اور علاقائی سلامتی کے امور پر ہونے والی بات چیت اس بات کی غماز ہے کہ دونوں ممالک اپنی برادرانہ شراکت داری کو ایک وسیع تر تزویراتی قالب میں ڈھالنے کے خواہاں ہیں۔ امید ہے کہ اس دورے کے دور رس نتائج مرتب ہوں گے جن کا اثر نہ صرف دوطرفہ دفاعی تعاون بلکہ خطے کی مجموعی سلامتی کی صورتحال پر بھی مرتب ہوگا۔ پاکستان اور ترکیہ کے مابین یہ گہرا اعتماد اور تزویراتی ہم آہنگی آنے والے دنوں میں جنوبی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کے سیاسی وعسکری منظرنامے پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

بھارت، اسرائیل، شیواجی اور دھریندر

جب سات اکتوبر دو ہزار تیئس کو جنوبی اسرائیل میں حماس کے مسلح شبخون کے نتیجے میں ایک ہزار سے زائد اسرائیلی و غیر ملکی شہری ہلاک ہوئے تو نیتن یاہو کی میز پر اظہارِ یکجہتی کا پہلا پیغام واشنگٹن یا یورپ سے نہیں بلکہ نریندر مودی کی جانب سے آیا۔ ''اس دہشت گرد کارروائی سے شدید صدمہ پہنچا ہے۔ آزمائش کی اس گھڑی میں ہم آپ کے شانہ بشانہ ہیں''۔ جب کہ ایک اور قریبی دوست ایران کے رہبرِ اعلیٰ علی خامنہ ای کی اسرائیلی بمباری میں شہادت کی تعزیت میں مودی حکومت کو چار دن لگے

مودی جی آخری غیر ملکی رہنما تھے جنھوں نے ایران پر اسرائیل اور امریکا کے اچانک حملے سے دو دن پہلے تل ابیب میں اسرائیلی پارلیمنٹ کنیسٹ میں ''پھاڑ لینڈ مدر لینڈ'' والا خطاب کر کے سب کے دل موہ لیے۔ بھارت میں اسرائیل کے سفیر رودون آزر کے بقول ''ایک ایسی دنیا جو آفاقیت اور قوم پرستی کے مرحلے سے آگے نکل رہی ہے، مودی اور نیتن یاہو نہ صرف قوم پرستی بلکہ قومی شناخت کے داعی ہیں''۔

جیسے جیسے دونوں ممالک عالمی برادری میں الگ تھلگ نظر آ رہے ہیں ویسے ویسے یہ تنہائی انھیں مزید قریب لا رہی ہے۔ نیتن یاہو جرائم کی بین الاقوامی عدالت سے وارنٹ نکلنے کے بعد نہ صرف کئی مغربی ممالک میں ناپسندیدہ قرار پائے ہیں بلکہ اب تو سب سے بڑے اتحادی امریکا کی رائے عامہ بھی کھلم کھلا بیزاری کا اظہار کر رہی ہے۔

البتہ مودی حکومت سمجھتی ہے کہ انتہا پسند اسلام کی لہر کے آگے بند باندھنے کی کوششوں میں بھارت اور اسرائیل کو پہلے سے زیادہ یکجا ہونے کی ضرورت ہے۔ اسرائیل کو بھی مغرب میں بڑھتی ہوئی بیزاری کے سبب مشرق میں ایک مضبوط اقتصادی و نظریاتی پارٹنر کی اتنی ہی ضرورت ہے۔ ان دونوں کو ایک خلیجی ساجھے دار متحدہ عرب امارات کی شکل میں میسر ہے۔ عجیب بات ہے کہ اس بڑھتی ہوئی قربت کے باوجود بھارت آج بھی کاغذی طور پر فلسطین کے دو

تحریر۔ وسعت اللہ خان

ریاستی حل کا حامی ہے۔ وہ حل جو بقول نیتن یاہو زمین میں گہرا دفن ہو چکا ہے۔

بھارت کی کسی ایک ٹوکری میں تمام انڈے رکھ دینے والی ایسی خارجہ پالیسی کبھی بھی نہیں تھی۔ سرد جنگ کے زمانے میں بھارت نہ صرف غیر جانبدار تحریک کے صفِ اول کے علمبرداروں میں شمار تھا بلکہ پی ایل او کا بھی کھلم کھلا حامی تھا۔ یہ پالیسی دراصل نہرو کی کلاسیکی خارجہ حکمتِ عملی کا تسلسل تھی۔

بھارت نے انیس سو سینتالیس میں فلسطین کی تقسیم کی مخالفت کی اور جب اسرائیل بن گیا تو اقوامِ متحدہ میں اس کے داخلے کی بھی مخالفت کی۔ انیس سو بانوے میں جا کے کہیں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہوئے۔ تب تک ہندو قوم پرستی کے رتھ نے نہرو دور کی سیکولر سوشلسٹ پالیسیوں کو کچلنا شروع کر دیا تھا۔

ایک اہم موڑ انیس سو ننانوے کی کرگل کی جنگ ثابت ہوئی۔ ایک برس پہلے ایٹمی دھماکے کرنے کے بعد امریکا اور مغربی ممالک نے بھارت کو اسلحے کی فروخت معطل کر دی۔ اس آڑے وقت میں اسرائیل نے بھارت کو ایمونیشن اور میزائل فراہم کیے۔ جب دو ہزار چودہ میں مودی حکومت برسرِ اقتدار آئی تو بھارت اسرائیل کے اس اسٹرٹیجک نظریہ سے خاصا متاثر ہو چکا تھا کہ آپ کا تحفظ تب ہی ممکن ہے جب آس پاس والے عدم تحفظ کی حالت میں رہیں۔ شدت پسندی کا مسئلہ بات چیت سے نہیں بلکہ اینٹ کے جواب میں پتھر کی پالیسی سے ہی قابو میں رہ سکتا ہے۔

دو ہزار سترہ میں مودی پہلے بھارتی وزیرِ اعظم تھے جو تل ابیب پہنچے اور نیتن یاہو نے اگلے برس جوابی دورہ کیا (اریل شیرون کے بعد نیتن یاہو بھارت کا دورہ کرنے والے دوسرے وزیرِ اعظم ہیں۔ مودی اور نیتن یاہو دو وبار ایک دوسرے کے مہمان بن چکے ہیں)۔

گذشتہ دس برس میں اس شراکت داری میں برق رفتار اضافہ ہوا۔ بھارت نہ صرف اسرائیلی ہتھیاروں کا سب سے بڑا خریدار ہے بلکہ دوطرفہ ہتھیار سازی اور جدت کاری کے کئی منصوبے بھی جاری ہیں۔ ان ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے ساتھ کوئی شرائط بھی نتھی نہیں۔ مثلاً اسرائیلی کمپنیوں رافیل اور آئی اے آئی کا براک میزائل شکن نظام کی تیاری کا لائسنس دو بھارتی کمپنیوں (بھارت ڈائنامکس اور بھارت فورج) کو بھی ملا ہوا ہے۔

گوتم اڈانی کی کمپنی اڈانی پورٹس نہ صرف اسرائیلی بندرگاہ حیفہ کا انتظام سنبھالتی ہے بلکہ حیفہ پورٹ کے ستر فیصد شیئرز کی بھی مالک ہے۔ اسرائیلی ڈرونز ہرمیس اور ہروپ کی بھارت میں تیاری بھی اڈانی گروپ کے ہاتھ میں ہے۔ دہشت گردی کی روک تھام کے نام پر موساد اور را میں جنوبی اور مغربی ایشیا سے متعلق حساس معلومات کا آزادانہ تبادلہ ہوتا ہے۔ اسرائیلی فوجی قیادت کے بھارت کے دورے اب بکثرت ہیں۔

بہت سے ممالک میں اسرائیل کے خلاف عمومی نفرت میں اضافے کے سبب اسرائیلی سیاحوں کی ایک بڑی تعداد اب بھارت کا رخ کر رہی ہے۔ ان میں موجودہ اور سابق فوجی سیاح بھی شامل ہیں جنھیں غزہ اور مغربی کنارے میں نسل کشی سے شل اپنے دماغوں کو آرام دینے کے لیے ملک سے دور گوا یا ہمالیائی پہاڑوں میں قائم یوگا مراکز میں آرام کی ضرورت ہوتی ہے۔

اسرائیل بھارتی زرعی اور آبی ماہرین کی تربیت بھی کرتا ہے۔ اسرائیلی تعلیمی اداروں میں سیکڑوں بھارتی طلبا اور صنعت و خدمات و زراعت کے شعبوں میں ہزاروں بھارتی کارکن دیکھے جا سکتے ہیں۔ حال ہی میں شمال مشرقی بھارت میں صدیوں سے آباد بنی مناشے قبیلے کو بھی یہودی تسلیم کیے جانے کے بعد ان کی نقل مکانی شروع ہو گئی ہے۔ آر ایس ایس کا ایک کیڈر بھی اسرائیل کے مطالعاتی دورے پر جانے والا ہے تاکہ یہ ہندوتیت کے سماج و ریاست پر عملی نفاذ کے طور طریقوں سے سیکھ سکے۔

بھارتی ریاست اسرائیل کی محبت میں اس قدر گرفتار ہے کہ بعض اوقات اپنے شہریوں کو بھی خطرے میں ڈال دیتی ہے۔ مثلاً اگست دو ہزار بائیس میں قطری ایئر لائن جینس نے بھارتی بحریہ کے آٹھ سابق افسروں کو قطر کے آبدوز پروگرام کی اسرائیل کے لیے جاسوسی کے الزام میں سزا موت سنا دی۔ تاہم نریندر مودی کی ذاتی مداخلت اور قطر سے ایل این جی خریدنے کے بیس سالہ سودے کے عوض ان آٹھ مجرموں کی جاں بخشی کر دی گئی۔

اب فودا کی پوری ٹیم بھارت کا دورہ کرنے والی ہے۔ مغلوں سے نبرد آزما شیواجی کا ایک بڑا مجسمہ بھی ایک اسرائیلی کمپنی نے آرڈر کیا ہے تاکہ اسے کسی بڑے شہر میں نصب کیا جا سکے۔

پیپلز پارٹی عوامی جماعتا

پیپلز پارٹی ایک عوامی جماعت کہلاتی ہے۔ پیپلز پارٹی کے عوامی جماعت کہلانے کا سہرا وقار مہدی اور مسرور احسن جیسے رہنماؤں کو جاتا ہے۔ وقار مہدی پیپلز پارٹی سندھ کے سیکریٹری جنرل ہیں او رایک دفعہ پھر ایوان بالا سینیٹ کے رکن بھی ہیں۔ اس دفعہ وقار مہدی سینیٹ کی ضمنی نشست کے انتخاب میں بلا مقابلہ منتخب ہوئے تھے۔ وقار مہدی کا تعلق ایک ترقی پسند خاندان سے ہے۔ ان کے والد سید اصغر مہدی زیدی ایک ترقی پسند شاعر تھے اور ان کا تخلص اصغر مہدی نظمی تھا۔ نظمی صاحب کمیونسٹ پارٹی کے ہمدردوں میں شامل تھے اور انجمن ترقی پسند مصنفین کے رکن تھے۔ نظمی صاحب نے کئی کتابیں تحریر کی ہیں جن میں ان کا کلام بھی شامل تھا۔ ان کے گھرانے کا تعلق بھارت کی ریاست یوپی کے شہر مظفر نگر سے تھا۔ نظمی صاحب نے زندگی کا ایک حصہ لکھنؤ میں گزارا۔ وہ کے ڈی اے میں ملازم تھے، ان کی ڈیوٹی دلہوٹی میں ہوتی تھی۔ نظمی صاحب کے دوستوں میں خاص طور پر انجمن ترقی پسند مصنفین کے سابق رہنما ڈاکٹر مظہر حیدر، معروف آرٹسٹ لیاقت حسین اور وارث رضا شامل تھے۔ وارث رضا نظمی صاحب کے ساتھ مختلف محفلوں کی یادوں کا اکثر ذکر کرتے ہیں۔ وقار مہدی نے ہمیشہ طلبہ، مزدوروں اور مظلوم طبقات کے حقوق کے لیے آواز بلند کی وفاق کے زیر انتظام وفاقی اردو یونیورسٹی گزشتہ کئی برسوں سے مختلف اقسام کے بحرانوں کا شکار ہے، ان میں تعلیمی، انتظامی اور مالیاتی بحران شامل ہیں۔ وفاقی اردو یونیورسٹی کے اساتذہ، عمال، ریٹائرڈ اساتذہ وعمال تین مہینوں سے تنخواہوں اور پنشن سے محروم ہیں۔ 2017 سے ریٹائر ہونے والے اساتذہ اور عمال کو واجبات نہیں ملے۔ 2017 سے 2026 تک 10 ریٹائرڈ اساتذہ اور 5 سے زیادہ غیر تدریسی ملازمین انتقال کر چکے ہیں۔ کئی ریٹائرڈ اساتذہ فالج، کینسر اور گردے کے امراض میں مبتلا ہیں۔

تحریر۔ ڈاکٹر توصیف احمد خان

کچھ کو ڈاکٹروں نے دل کا بائی پاس کرانے کا مشورہ دیا ہے۔ اسی طرح کئی ملازمین 22 ماہ سے ہاؤس سیلنگ نا ملنے پر مکان خالی کرنے پر مجبور ہیں اور ایک چند اساتذہ کے بچوں کی فیس جمع نہ ہونے پر ان کے بچوں کی امتحانات میں شرکت روک دی گئی ہے۔ وقار مہدی تندہی سے اردو یونیورسٹی کا مقدمہ لڑ رہے ہیں۔ انھوں نے تعلیم کی وزیر مملکت سے ملاقات کر کے انھیں اس بات پر آمادہ کیا ہے کہ وہ وزیر اعظم کے سامنے اردو یونیورسٹی کا مسئلہ پیش کریں اور اس کا حل نکالیں۔ وقار مہدی نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے سربراہ سے بھی ملاقاتیں کیں اور سینیٹ میں وزیر تعلیم کی توجہ اردو یونیورسٹی کی خراب صورتحال کی طرف مبذول کرائی ہے۔ وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات کے رکن ہیں۔ انھوں نے کمیٹی میں صحافیوں کے حق میں آواز بلند کی ہے۔ سینیٹ کی اس کمیٹی کے ارکان کی یہ رائے ہے کہ جمہوری اداروں کے استحکام کے لیے آزاد میڈیا کا ہونا ضروری ہے۔ آئین کے آرٹیکل 19 اور 19-A کے تحت آزادء صحافت کی مکمل ضمانت دی گئی ہے۔ پاکستان نے اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کے چارٹر اور اقوام متحدہ کے سول و پولیٹیکل رائٹس کنونشنز پر دستخط کیے ہیں۔ اس بناء پر اور زیادہ ضروری ہے کہ حکومت آزادء صحافت کا تحفظ یقینی بنائے۔ وقار مہدی نے صحافیوں کے حالاتِ کار میں ابتری، صحافیوں اور دیگر عملہ کی برطرفی کا ہمیشہ ذکر کیا ہے۔ وقار مہدی سینیٹ کی ڈیلی کمیٹی برائے قومی ورثہ و ثقافت کے چیئرمین ہیں۔ انھوں نے قائداعظم کے مزار کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی کا اجلاس کراچی کے کمشنر ہاؤس میں منعقد کیا۔ اس اجلاس میں بتایا گیا ہے کہ مزار قائد کی اوپری منزل اور نچلے حصہ میں عام لوگوں کے جانے پر 2023 میں پابندی لگا دی گئی تھی۔ یہ پابندی سیکیورٹی تھریٹ کی بناء پر لگائی گئی۔ وقار مہدی نے اس اجلاس میں حیرت کا اظہار کیا کہ تین سال گزرنے کے باوجود اس پابندی کے خاتمے پر غور نہیں کیا گیا۔ وقار مہدی کا واضح موقف تھا کہ پاکستان کے بانی کے مزار پر جانے کے لیے ایک عام آدمی اور وی آئی پی میں کوئی امتیاز نہیں ہونا چاہیے اور عام آدمی کو بھی مزارِ قائد میں جانے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

اس کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ نوجوانوں کی مزار قائد آمد کے لیے ان کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے اور مزار قائد کو عام طالب علموں اور تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے نوجوانوں کے گروپوں کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے۔ مزار قائد پر عام آدمی کے جانے کے لیے طریقہ کار آسان اور سہل بنانے کے لیے کمشنر کراچی کی قیادت میں کمیٹی قائم کی گئی جو مزارِ قائد کے تقدس کو برقرار رکھتے ہوئے عام آدمی کے مزار میں داخلے کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے لیے ایک دیرپا پالیسی بنائے گی۔ اس اجلاس میں یہ بات بھی ظاہر ہوئی کہ مزار قائد کا نظام چلانے کے لیے صرف سندھ حکومت امداد دیتی ہے۔ اب یہ فیصلہ ہوا ہے کہ وفاق، پنجاب، خیبر پختون خوا اور بلوچستان کی حکومتوں کو عرضداشت پیش کی جائے کہ وہ بھی مزار قائد کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے کے لیے گرانٹ فراہم کریں، اگر وفاق اور دیگر صوبے گرانٹ فراہم کریں اور اگر مزار کی انتظامیہ اس رقم کو شفافیت کے اعلیٰ معیار کے مطابق خرچ کرے تو عام آدمی کو تمام وہ سہولتیں فراہم کی جائیں جو وی آئی پی کو فراہم کی جاتی ہیں۔ اس اجلاس کے اختتام پر وقار مہدی نے کہا کہ ان کی کوشش ہے کہ مزار قائد کے سامنے والے پارک پر ایک اسٹیج تعمیر کیا جائے۔ سننے اور دیکھنے والوں کے لیے آرام دہ کرسیاں نصب کی جائیں تو پھر سیاسی جماعتوں پر زور دیا جائے کہ وہ اسی پارک میں جلسہ کریں۔ وقار مہدی کے نظریہ کے مطابق مزارِ قائد کے سامنے اگر خالی زمین کو برطانیہ کے ہائیڈ پارک کی طرح آزاد ادارہ قرار دیا جائے اور تمام سیاسی جماعتیں ایک نئے میثاق پر دستخط کریں تو یہ پارک آزادء اظہار کا مرکز بن سکتا ہے۔ کراچی میں ایسے مرکز کے قیام سے ملک میں جمہوری کلچر پروان چڑھے گا۔ تاریخ کی یہ ستم ظریفی ہے کہ مسرور احسن اور وقار مہدی ایوان میں تنہا ہوتے ہیں۔ ان کی جماعت کے دیگر اراکین اس طرح عوام کے مسائل نہیں اٹھاتے جس طرح یہ دونوں رہنما اٹھاتے ہیں۔ کراچی کے ایک سینئر صحافی کا کہنا ہے کہ مسرور احسن اور وقار مہدی ترقی پسند نظریہ کے تابع ہیں اور دیگر اراکین کا نظریہ کوئی اور ہے۔

وطن عزیز کی زبوں حالی کے ذمہ دار کون۔؟



کب تک ہم اپنے وطنِ عزیز کو زبوں حالی کے اندھیروں میں ڈوبتا دیکھتے رہیں گے؟ آج کا پاکستان اس بات کا متقاضی ہے کہ ہم اپنے گریبان میں جھانکیں اور ان فرسودہ نظاموں کو بدل ڈالیں۔ ہمارے شہروں کے مسائل اتنے

تحریر۔ غلام حسین

گھمبیر ہو چکے ہیں کہ بارش کا پہلا قطرہ ہی زندگی مفلوج کر دیتا ہے، گلیوں میں کھڑا گندا پانی اور ٹوٹی پھوٹی سڑکیں حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ دوسری طرف، حکومتی ایوانوں میں جاری اسراف، بے جا خرچے اور شاہانہ عیاشیاں، ان غریب عوام کے زخموں پر نمک چھڑک رہی ہیں۔ جہاں تعلیمی ادارے زبوں حالی کا شکار ہیں اور صحت کی سہولیات ناپید، وہاں حکمرانوں کی ترجیحات عوام کی بہتری کے بجائے ذاتی مفادات پر مرتکز ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ وہ اپنے کھوکھلے دعووں سے باہر نکلیں اور سڑکوں کو باہر کے ترقی یافتہ ممالک کے معیار پر لائیں، پبلک ٹرانسپورٹ کو جدید بنائیں، اور پاکستان کو ایک ایسا باوقار اور ترقی یافتہ ملک بنایا جا سکے جہاں ہر شہری کو بنیادی حقوق اور احترام ملے۔

☆☆☆

ایٹمی ہتھیار، ایران اور عالمی سیاست: بدلتی امریکی حکمتِ عملی



دنیا کی سیاست میں ایران کے جوہری پروگرام کا معاملہ کئی دہائیوں سے عالمی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی، اقتصادی پابندیاں اور سفارتی مذاکرات وقتاً فوقتاً عالمی منظرنامے کو متاثر کرتے رہے ہیں حالیہ بیانات

تحریر: سید منور علی

اور سفارتی سرگرمیوں نے ایک مرتبہ پھر اس تاثر کو تقویت دی ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان براہِ راست تصادم کے بجائے مذاکرات کے امکانات پر غور کیا جا رہا ہے امریکہ کی خارجہ پالیسی میں ایران کے حوالے سے مختلف ادوار میں نمایاں تبدیلیاں دیکھی گئی ہیں کبھی سخت پابندیوں اور دباؤ کی حکمتِ عملی اختیار کی گئی، جبکہ بعض مواقع پر مذاکرات اور سفارت کاری کو ترجیح دی گئی یہی وجہ ہے کہ امریکی قیادت کے حالیہ مؤقف کو بھی عالمی مبصرین مختلف زاویوں سے دیکھ رہے ہیں، جہاں طاقت کے استعمال کے ساتھ ساتھ سیاسی حل کی اہمیت پر بھی زور دیا جا رہا ہے ایران مسلسل یہ مؤقف اختیار کرتا آیا ہے کہ اس کا جوہری پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ہے اور وہ بین الاقوامی قوانین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی سائنسی اور تکنیکی ترقی جاری رکھنا چاہتا ہے دوسری جانب امریکہ اور بعض مغربی ممالک اس پروگرام کے ممکنہ عسکری پہلوؤں پر تحفظات کا اظہار کرتے رہے ہیں، جس کے باعث اعتماد کا فقدان دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک بڑی رکاوٹ بنا ہوا ہے ماہرین کے مطابق اگر امریکہ اور ایران کے درمیان مؤثر سفارتی رابطے بحال ہوتے ہیں تو اس سے نہ صرف مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کم ہو سکتی ہے بلکہ عالمی معیشت، تیل کی قیمتوں اور بین الاقوامی تجارت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں خطے میں استحکام عالمی طاقتوں کے مشترکہ مفاد میں ہے، کیونکہ مسلسل تنازعات کسی بھی فریق کے لیے سودمند ثابت نہیں ہوتے اقتصادی پابندیوں نے ایران کی معیشت پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں، تاہم اس کے باوجود ایران نے اپنی سائنسی اور دفاعی صلاحیتوں پر کام جاری رکھا ہے دوسری طرف امریکہ پر بھی یہ دباؤ موجود ہے کہ وہ خطے میں امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے سفارتی ذرائع کو مؤثر انداز میں استعمال کرے، تاکہ کسی بڑے فوجی تصادم سے بچا جا سکے عالمی برادری، خصوصاً اقوام متحدہ، یورپی ممالک اور دیگر اہم طاقتیں اس مسئلے کا پرامن حل تلاش کرنے کی حامی ہیں۔ ان کا مؤقف ہے کہ مذاکرات، شفاف معاہدوں اور بین الاقوامی نگرانی کے ذریعے ایسے خدشات کو کم کیا جا سکتا ہے جو جوہری پھیلاؤ سے متعلق پائے جاتے ہیں سفارت کاری ہی وہ راستہ ہے جو دیرپا امن کی بنیاد بن سکتا ہے سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ مستقبل کی پیش رفت کا انحصار دونوں ممالک کے عملی اقدامات پر ہوگا اگر اعتماد سازی کے اقدامات کیے گئے اور اشتعال انگیز بیانات کے بجائے مثبت سفارتی ماحول قائم کیا گیا تو ایک نئے معاہدے یا بہتر تعلقات کی راہ ہموار ہو سکتی ہے تاہم معمولی غلط فہمی یا کشیدگی بھی صورتحال کو دوبارہ پیچیدہ بنا سکتی ہے مجموعی طور پر ایران کے جوہری پروگرام کا معاملہ صرف دو ممالک کے درمیان تنازع نہیں بلکہ عالمی امن، علاقائی سلامتی اور بین الاقوامی سفارت کاری کا اہم موضوع ہے موجودہ حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ تمام فریق تحمل، ذمہ داری اور مذاکرات کے ذریعے اختلافات کو حل کریں تاکہ خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے نئے امکانات پیدا ہو سکیں۔

☆☆☆

بقیہ 1

فی میل ایجوکیشن ٹرسٹ ایک غیر سرکاری فلاحی تنظیم ہے جو پاکستان میں تعلیم کے فروغ کیلئے کام کر رہی ہے یہ ٹرسٹ ملک کے پسماندہ اور دور دراز علاقوں میں بچوں خصوصاً بچیوں کی تعلیم تک رسائی کو ممکن بنانے کیلئے مختلف تعلیمی پراجیکٹس چلا رہا ہے، بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بچوں تک کتابوں کی رسائی کیلئے فی میل ایجوکیشن ٹرسٹ نے 'الف لیلیٰ بک بس سوسائٹی' کے اشتراک سے اوتھ پر ایک انوکھا اور متحرک کتب خانہ، اونٹ پر لائبریری قائم کی ہے

بقیہ 5

گردانہ واقعات، بدامنی، لاقانونیت، امن وامان کی ابتر صورتحال کے خلاف زیارت شہداء کے لواحقین اور آل پارٹیز کی کال پر 17 جولائی بروز جمعہ شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنائیں اور عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے تعاون کر کے زیارت کے شہداء کے لواحقین کے ساتھ اظہار یکجہتی کا ثبوت دیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ زیارت کے مالکی، کوئٹہ کے ہنداوڑک اور صوبے میں جاری بدامنی، دہشت گردانہ واقعات کے دوران بے گناہ نہتے انسانوں کے خون ناحق بہانے کے انسانیت سوز واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی دہشت گردی کے شکل کی مخالفت کرتی ہے، دہشت گردی کسی فرد کا فرد، کسی گروہ کا گروہ، کسی قوم کا کسی قوم پر ہویا کسی ظالم، بالادست کا مظلوم عوام پر ہو پارٹی اس کی مذمت کرتی ہے اور ظالم ومظلوم کی جاری جنگ میں پڑی مظلوموں کے ساتھ کھڑی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ زیارت شہداء کے لواحقین کے مطالبات سے مسلسل انکار کرنا حکومتی ہٹ دھرمی کا واضح ثبوت ہے

بقیہ 6

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کے خصوصی ہدایات اور سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کے زیر نگرانی روزانہ کی بنیاد پر ڈی ایس پی کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ صوبے ان اسکیموں کو جلد از جلد شروع کیا جائے اجلاس میں چیف انجینئر نصیر آباد زون محمد بشیر ناصر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پی اینڈ ڈی فنانس کے حکام اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ان اضلاع میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت مختلف سڑکوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا متعلقہ حکام نے منصوبوں کی فزیبلٹی تخمینہ لاگت تکنیکی پہلوؤں اور مجوزہ مدت تکمیل کے حوالے سے جامع بریفنگ دی اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی نے مختلف نئے روڈ انفراسٹرکچر منصوبوں کے علاوہ سڑکوں کی تعمیر ومرمت سے متعلق متعدد اسکیموں کی منظوری کی سفارش کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ منظور شدہ منصوبوں پر جلد از جلد عملی کام کے آغاز کے لیے تمام قانونی انتظامی اور تکنیکی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں گے

بقیہ 7

تبدیل کر دیا ہے، جس کے باعث ٹریفک کی روانی گھنٹوں معطل رہنا معمول بن چکا ہے۔ اس اہم شاہراہ پر ٹریفک کے شدید دباؤ کے باوجود روڈ کے عین بیچ اور اطراف میں سبزی فروشوں کی ریڑھیاں، دکانوں کے باہر بنائے گئے مستقل تھڑے، اور سڑک پر کھڑے ہونے والے نالیوں کا گندہ پانی نے ٹریفک کے گزرنے کے لیے بمشکل ہی کوئی گنجائش چھوڑی ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ تجاوزات کی اس بہتات نے نہ صرف ان کا قیمتی وقت ضائع کیا ہے بلکہ ایمبولینس اور ہنگامی نوعیت کی گاڑیوں کا گزرنا بھی محال ہو چکا ہے۔ شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی خاموشی تجاوزات کرنے والوں کے حوصلے بلند کر رہی ہے۔ اہل علاقہ نے کمشنر کوئٹہ اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بھرمنڈی سے شیر جان اسٹاپ تک تجاوزات کے خلاف بلا تفریق گرینڈ آپریشن کیا جائے۔ تجاوزات ہٹانے کے بعد ان مقامات پر انتظامیہ کی مستقل نگرانی یقینی بنائی جائے تاکہ دوبارہ تجاوزات قائم نہ ہوں۔

بقیہ 8

ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BSDI) تھری کے تحت متعدد فلاحی اور تعمیراتی منصوبوں کی باقاعدہ منظوری دے دی گئی، اجلاس میں نئے ضلع کی پسماندگی دور کرنے اور اسے دیگر اضلاع کے برابر لانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کی بحالی پر تفصیلی غور کیا گیا، ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واضح کیا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BSDI) فیز تھری کے تحت ضلع میں پینے کے صاف پانی، تعلیم اور صحت کے شعبوں کو اولین ترجیح دی جائے گی، جبکہ دور دراز کے پسماندہ علاقوں اور یونین کونسلوں میں سرکاری اسکولوں کی بحالی اور بنیادی ہیلتھ سینٹرز (BHUs) میں طبی سہولیات کی بہتری کے منصوبوں کو فوری شروع کرنے کی ہدایت دی گئی، فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو تاکید کی کہ کام کے معیار پر کوئی مصلحت نہیں کیا جائے گا اور تمام ایکسیئن مقررہ وقت کے اندر مکمل کی جائیں۔

بقیہ 9

کارروائی میں ایک روز قبل چوری ہونے والی ہنڈا 70-CD موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی، جبکہ ملزم عبدالعزیز کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں مقدمات میں مزید تفتیش جاری ہے اور دیگر ممکنہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 10

سسٹم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

بقیہ 1

کو روک کر تباہ کر دیا ہے۔ایرانی خبر رساں ایجنسی کے مطابق پاسداران انقلاب نے کہا کہ یہ ڈرون اس کی ایرو اسپیس فورس کے زیر استعمال ایک نئے فضائی دفاعی نظام کے ذریعے مار گرایا گیا۔۔۔۔ایرانی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے اردن کی الازرق ائیر بیس میں امریکی فوج کے مواصلاتی نظام، ایک مستقل ریڈار سائٹ کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا ہے۔ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی فوج نے کہا کہ یہ کارروائی ایران پر حالیہ حملوں کے جواب میں کی گئی، جن میں بمبار طیارے بھی شامل ہے، جس میں ایران کے مطابق 7 فوجی ہلاک ہوئے تھے۔دریں اثناء ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ اس نے کویت میں واقع علی السالم ائیر بیس پر میزائل اور ڈرونز سے مشترکہ حملہ کیا ہے۔ایرانی پاسداران انقلاب کے مطابق اس نے (C-RAM) ابتدائی وارننگ ریڈار اور امریکی فوجیوں کے جمع ہونے کے مقام کو نشانہ بنایا۔ایرانی پاسداران انقلاب کے مطابق یہ حملہ آپریشن نصر 2 کی آٹھویں لہر کے دوران کیا گیا۔ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکا پر کویتی سرزمین کو ایران کے خلاف حملوں کے لیے استعمال کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کویتی عوام سے مطالبہ کیا کہ وہ ملک سے امریکی افواج کے انخلا کا مطالبہ کریں۔۔۔۔امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران میں زمینی فوج بھیجنے پر غور شروع کر دیا ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی اخبار نے یہ دعویٰ امریکی اہلکاروں کے حوالے سے کیا ہے جن کے مطابق صدر ٹرمپ اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ زمینی فوج اتار کر آبنائے ہرمز کے قریب ایرانی جزائر پر قبضہ کر لیا جائے۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کو جلد شکست دی جائیگی، ایران مذاکرات چاہتا ہے، وہ معاملہ طے کرنا چاہتے ہیں، ہم دیکھیں گیکہ ان کے ساتھ کوئی سمجھوتا کرتے ہیں یا نہیں۔۔۔۔امریکی فوج نے کہا ہے کہ ایرانی بندرگاہ کی جانب جانے کی کوشش کرنے والے ٹینکر جہاز کو ناکارہ بنا دیا ہے۔ایک انٹرویو میں امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا کہ تجارتی جہاز نے امریکی ناکہ بندی کی خلاف ورزی کی کوشش کے دوران متعدد وارننگز کو نظر انداز کیا۔امریکی سینٹرل کمانڈ کے مطابق امریکی طیارے نے hellfire میزائل فائر کر کے جہاز کو ناکارہ بنا دیا۔۔۔کویت نے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے داغے گئے 4 کروز میزائلوں اور 21 ڈرونز کو تباہ کیا گیا۔کویت کی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایرانی جارحیت سے کئی اہم تنصیبات کو نقصان پہنچا تاہم کوئی زخمی نہیں ہوا۔دوسری جانب عراق کے شہر اربیل میں امریکی قونصل خانے کے قریب ڈرون مار گرایا گیا ہے۔ بحرین میں بھی سائرن کی آوازیں سنائی دیں۔۔۔۔ایرانی فوج کے ترجمان محمد اکرمینیا نے کہا ہے کہ امریکا نے حملے جاری رکھے تو جنگ کا دائرہ نئے محاذوں تک پھیل جائے گا۔ایک انٹرویو میں محمد اکرمینیا نے کہا کہ ایران نے ابھی اپنی تمام عسکری صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، دشمن کی کارروائیاں جاری رہیں تو ایران کا جواب حالات کے مطابق اور دشمن کی توقعات سے بڑھ کر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایران کا اپنے ہمسایہ ممالک یا خطے کی مسلم ریاستوں سے تصادم کا کوئی ارادہ نہیں۔۔۔۔ایرانی فوج کے خاتم الانبیا مرکزی ہیڈ کوارٹر کے ترجمان نے امریکا کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران کے انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا گیا تو خطے میں جو بھی انفراسٹرکچر باقی ہے اسے تباہ کر دیا جائے گا۔ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق ابراہیم ذوالفقاری نے کہا کہ امریکا خطے میں اپنی قانون شکنی اور عدم استحکام کو جاری رکھے ہوئے ہے، آبنائے ہرمز ایران کے لیے سرخ لکیر ہے۔۔۔امریکا کی جانب سے ایران کی بحری ناکہ بندی پر پاسداران انقلاب نے مشرق وسطیٰ سے تمام توانائی برآمدات روکنے کا اعلان کر دیا۔میڈیا رپوٹ کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا کہ امریکا اور اتحادیوں کو فائدہ پہنچانے والے دوسرے تمام برآمدی راستے بند کر دیں گے۔بیان میں کہا گیا کہ علاقائی توانائی کی برآمدات یا تو سب کے لیے ہوں گی یا کسی کے لیے بھی نہیں ہوں گی۔ایرانی فوج کے ترجمان نے کہا کہ آبنائے ہرمز اس وقت تک بند رہیگی جب تک امریکا ایران کیخلاف نظام حکمرانی کو تسلیم نہیں کر لیتا۔

بقیہ 2

کمیٹی کو متحرک کر دیا، لیگل ریفارمز کمیٹی میں الیکشن کمیشن کے اعلیٰ حکام لاء سمیت تمام ونگز کے حکام شریک لیں گے، لیگل ریفارمز کمیٹی موجودہ انتخابی قانون آئینی شقوں کا جائزہ لے گی۔ذرائع نے کہا کہ کمیٹی عام انتخابات 2024 میں سامنے آنے والی قانونی و آئینی خامیوں کا جائزہ لے گی، کمیٹی آئینی وقانونی خامیوں کا جائزہ لیکر اپنی سفارشات دے گی، الیکشن کمیشن انتخابی قوانین کو مزید مؤثر اور جدید بنانے کے لیے قانونی فریم ورک کا جائزہ لے گا۔الیکشن کمیشن آئین، الیکشن ایکٹ 2017 اور الیکشن رولز 2017 میں ضروری ترامیم کی تجاویز تیار کرے گا، ذرائع نے کہا کہ انتخابی قوانین کو عالمی بہترین طریقوں سے ہم آہنگ بنانے پر توجہ دی جائے گی، الیکشن کمیشن انتخابی قوانین میں موجود خامیوں کی نشاندہی کر کے متعلقہ فورمز کو سفارشات ارسال کرے گا۔ انتخابی قوانین کا مقصد شفاف، منصفانہ اور یکساں انتخابی عمل کو یقینی بنانا ہے، الیکشن کمیشن نے انتخابی عمل سے متعلق آئینی شقوں کا جائزہ 2026 تک مکمل کرنے کا ہدف تیار کر رکھا ہے

بقیہ 3

نے اقوام متحدہ کے اسلاموفوبیا کے انسداد سے متعلق خصوصی ایلچی میگوئل انجیل موراینٹوس کو ہلال پاکستان عطا کرنے کی منظوری دے دی۔صدر مملکت نے لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان کے رکن فضل حق عباسی کا استعفا منظور کر لیا۔اس کے علاوہ، صدر مملکت نے ظفر حسن کی وفاقی پبلک سروس کمیشن کے رکن کے طور پر تقرری کی منظوری بھی دی۔

بقیہ 4

لیے ادارہ جاتی تعاون اور بہترین طریقہ کار کے مسلسل تبادلے کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عدلیہ کا جاری اصلاحاتی ایجنڈا عوام مرکز، ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ، شفاف اور مؤثر نظام انصاف کے قیام پر مرکوز ہے۔سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کے افسران کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا جو ادارہ جاتی استعداد کار اور تجربات کے تبادلے کے پروگرام کے تحت سپریم کورٹ آف پاکستان کے دورہ کے دوران سپریم کورٹ آف پاکستان کے دورہ پر اسلام آباد آیا ہوا ہے۔چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے وفد کا خیر مقدم کیا اور عدالتی امور میں باہمی تعاون، پیشہ ورانہ مہارت میں اضافے اور جدید انتظامی طریقوں کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔اس موقع پر وفد کو سپریم کورٹ آف پاکستان کی جوڈیشل اکیڈمی کے فروغ کے لیے ایک مؤثر فریم ورک سے، ترجمان نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت امن، باہمی احترام اور مشترکہ خوشحالی کیفروغ کے لیے ایک مؤثر فریم ورک ہے، تمام فریقین پاکستان، قطر مشترکہ اعلامیے کے مطابق ابراہیم ذوالفقاری نے کہا کہ امریکا خطے میں اپنی قانون شکنی اور عدم استحکام کو جاری رکھے ہوئے ہے، آبنائے ہرمز ایران کے لیے سرخ لکیر ہے۔۔۔امریکا کی جانب سے ایران کی بحری ناکہ بندی پر پاسداران انقلاب نے مشرق وسطیٰ سے تمام توانائی برآمدات روکنے کا اعلان کر دیا۔میڈیا رپوٹ کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا کہ امریکا اور اتحادیوں کو فائدہ پہنچانے والے دوسرے تمام برآمدی راستے بند کر دیں گے۔بیان میں کہا گیا کہ علاقائی توانائی کی برآمدات یا تو سب کے لیے ہوں گی یا کسی کے لیے بھی نہیں ہوں گی۔ایرانی فوج کے ترجمان نے کہا کہ آبنائے ہرمز اس وقت تک بند رہیگی جب تک امریکا ایران کیخلاف نظام حکمرانی کو تسلیم نہیں کر لیتا۔

بقیہ 5

انٹرویو کے دوران نائب امریکی صدر نے ایران میں زمینی فوج بھیجنے کی خبروں کو مسترد کر دیا، انہوں نے کہا کہ اسرائیلی حکومت کے بعض عناصر نے ایران کے ساتھ معاہدے کو سبوتاژ کرنے کیلئے امریکا میں مہم پر بھاری رقم خرچ کی، غیر ملکی اثر ورسوخ کی ایسی مہم کے باوجود وہ امریکی مفادات کو اولین ترجیح دیں گے۔امریکی نائب صدر نے کہا کہ ایران کے ساتھ تنازع کا مستقل حل فوجی کارروائی نہیں بلکہ مذاکرات اور سفارتی معاہدہ ہے، امریکا ایران میں حکومت کی تبدیلی کے لیے زمینی فوج نہیں بھیجے گا

بقیہ 6

حکام نے کہا کہ معزول وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد، ان کے خاندان اور 10 کاروباری گروپس سے منسلک قریبا 760 ارب ٹکا (تقریبا 6 ارب 20 کروڑ ڈالر) مالیت کے اثاثے ضبط کر لیے گئے۔سال 2024 میں طلبہ کی قیادت میں عوامی بغاوت کے نتیجے میں شیخ حسینہ کی اقتدار سے معزولی اور ان کے انڈیا فرار ہونے کے بعد سے حکام ان کے اثاثوں کے حوالے سے تحقیقات کر رہے ہیں۔

بقیہ 7

پاکستان موجودہ علاقائی صورتِ حال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، آبنائے ہرمز میں جلد معمول کی صورتحال کی بحالی ناگزیر ہے۔ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے پریس بریفنگ میں کہا کہ کشیدگی وقتی طور پر غالب ہے، امید ہے کہ بالآخر امن اور مذاکرات کی سوچ کامیاب ہوگی، امن کا عمل کبھی ختم نہیں ہوتا نا ہم وقتی تعطل کا شکار ہوسکتا ہے۔ترجمان نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت آج بھی مؤثر اور قابل عمل فریم ورک ہے، فریقین جب کشیدگی کا راستہ چھوڑیں گیتو امن کی واپسی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے ذریعے ممکن ہوگی، جمہوری حقوق فراہم کرنے اور قومی سطح پر معزز نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔قرارداد میں کہا گیا کہ عبوری صوبائی حیثیت مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے موقف کو متاثر نہیں کرے گی اور نہ ہی اقوام متحدہ کی قراردادوں کے متصادم ہوگی۔قرارداد میں وفاقی حکومت کو آئینی، قانونی اور انتظامی اقدامات شروع کرنے کی سفارش کرتے ہوئے گلگت بلتستان کیلئے این ایف سی ایوارڈ کی سفارش بھی کی گئی ہے۔قرارداد میں گلگت بلتستان کے عوام کی قومی مسائل میں منصفانہ حصہ داری کی حمایت بھی کی گئی

بقیہ 8

حکومت نے مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح نمو کا ہدف 4 فیصد مقرر کر رکھا ہے۔آئی ایم ایف نے اپریل میں جاری کی گئی اپنی پیش گوئی میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ مالی سال بھی حکومت کے 4.2 فیصد کے ہدف کے مقابلے میں معاشی شرح نمو 3.6 فیصد رہی، جو ہدف سے کم تھی۔آئی ایم ایف نے خبردار کیا ہے کہ 2026 کے دوران پاکستان سمیت عالمی سطح پر مہنگائی میں اضافے کا امکان موجود ہے۔رپورٹ کے مطابق پاکستان میں اوسط مہنگائی کی شرح 8.4 فیصد رہنے کا امکان ہے، جبکہ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور جنگ کے باعث خام تیل اور دیگر اشیائے ضروریہ کی عالمی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ پیدا ہوسکتا ہے۔رپورٹ میں عالمی سپلائی چین کو درپیش خطرات کا بھی ذکر کیا گیا ہے اور حکومتوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ معاشی اصلاحات کے عمل کو مزید تیز کریں تاکہ بیرونی چیلنجز سے نمٹا جاسکے۔

بقیہ 9

کرشنگ سیزن کے قریب سرپلس چینی کی برآمد پر غور کیا جائے گا تاکہ مقامی مارکیٹ میں قلت اور قیمتوں میں اضافے سے بچا جاسکے۔تفصیلات کے مطابق سرپلس چینی کی برآمد پر کرشنگ سیزن کے قریب فیصلہ متوقع ہے، شوگر ملز نے 13 لاکھ میٹرک ٹن سرپلس چینی کا دعویٰ کیا ہے، برآمد سے 50 کروڑ ڈالر زرمبادلہ حاصل ہونے کا امکان ہے، گزشتہ سال برآمد کے بعد چینی 180 روپے فی کلو سے بڑھ گئی تھی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت آئندہ کرشنگ سیزن کے قریب سرپلس چینی برآمد کرنے کی منظوری دے گی۔فیصلہ مارکیٹ میں قلت کے خدشے اور قیمتوں میں اضافے کو روکنے کیلئے کیا گیا، حکومت مقامی

TENDER NOTICE

TSE-2627071126763 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIV AT TURBAT invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Cleaning of Karez Khairabad	2,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **04 August, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **04 August, 2026** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Executive Engineer Office Irrigation Division Turbat Kech

Phone no: 0852413327 **Fax no:** 0852413327

Email: irrigationturbat@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIV MEKRRAN AT TURBAT

DPRQ/PRQ No.208/16-7-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 10

جاری بیان کے مطابق ملاقات میں سیاسی امور اور بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 11

درخواست دائر کر دی گئی۔امریکا میں مقیم اوورسیز پاکستانی جاوید اقبال راٹھور نے عمران خان سے ملاقات کی اجازت کیلئے لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ میں ایڈووکیٹ عبدالرازق خان کے ذریعے درخواست دائر کی۔درخواست میں وفاق، حکومت پنجاب اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو فریق بنایا گیا۔جاوید اقبال راٹھور نے مؤقف اختیار کیا کہ سیاسی مفاہمت اور قومی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے عمران خان سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں، لیکن متعدد کوششوں کے باوجود اڈیالہ جیل حکام نے ملاقات کی اجازت نہیں دی۔درخواست گزار نے استدعا کی کہ جیل رولز اور ایس او پیز کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دی جائے۔

بقیہ 12

کے تحت پیاریوں کی تشخیص کیلئے مصنوعی ذہانت اے آئی سے استفادہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ذرائع کے مطابق منصوبے کے تحت کینسر، دماغی امراض اور دیگر پیچیدہ بیماریوں کی تیز، موثر اور زیادہ درست تشخیص ممکن بنائی جائے گی جس سے تقریبا 20 کروڑ پاکستانیوں کے مستفید ہونے کی توقع ہے۔1100 سرکاری و نجی ہسپتالوں میں اے آئی نظام نافذ کیا جائے گا، علی بابا گروپ اور صحت کارڈ پروگرام کے درمیان آئندہ ماہ معاہدہ متوقع ہے۔مصنوعی ذہانت کے ذریعے تشخیصی اخراجات میں اربوں روپے کی بچت متوقع ہے، اسلام آباد، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، جی بی اور آزاد کشمیر میں منصوبہ نافذ ہوگا۔وزیر اعظم نے علی بابا گروپ کے سربراہ کو پاکستان آنے کی دعوت دے دی، وزیر اعظم صحت کارڈ پر وفاقی سالانہ 10 ارب، پنجاب 60، بلوچستان 10 ارب روپے، خیبر پختونخوا صحت سہولت کارڈ پر سالانہ 40 ارب روپے سے زائد خرچ کر رہا ہے۔

بقیہ 13

ڈپٹی اسپیکر ملک کفایت الرحمان کی زیر صدارت ہوا جس میں ممبر اسمبلی سید جلال شاہ نے قرارداد پیش کی جس پر حکومتی اور اپوزیشن کے متعدد اراکین کے دستخط کیے۔قرارداد میں گلگت بلتستان کو آئینی ترمیم کے ذریعے عبوری صوبہ بنائے، پاکستان کے دیگر صوبوں کے مساوی آئینی، سیاسی اور جمہوری حقوق فراہم کرنے اور قومی سطح پر معزز نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔قرارداد میں کہا گیا کہ عبوری صوبائی حیثیت مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے موقف کو متاثر نہیں کرے گی اور نہ ہی اقوام متحدہ کی قراردادوں کے متصادم ہوگی۔قرارداد میں وفاقی حکومت کو آئینی، قانونی اور انتظامی اقدامات شروع کرنے کی سفارش کرتے ہوئے گلگت بلتستان کیلئے این ایف سی ایوارڈ کی سفارش بھی کی گئی ہے۔قرارداد میں گلگت بلتستان کے عوام کی قومی مسائل میں منصفانہ حصہ داری کی حمایت بھی کی گئی

بقیہ 14

غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ بصرہ آئل ٹرمینل پر ایک ڈرون ایک آئل ٹینکر سے ٹکرا گیا جس کے بعد احتیاطی طور پر لوڈنگ کا عمل روک دیا گیا۔رپورٹ کے مطابق عراق کے آئل ٹرمینلز ملک کے جنوبی حصے میں واقع ہیں، جبکہ فوری طور پر یہ واضح نہیں ہوسکا کہ ڈرون کس نے بھیجا

بقیہ 15

عوامی پالیسی، تحقیق اور اختراع کے شعبوں میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔یوسٹن یونیورسٹی میں احسن اقبال نے پروفیسر عادل نجم اور تحقیق کے نائب صدر ڈاکٹر کیمن لچن سے ملاقات کی، جس میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے شعبے میں تعاون کے فروغ اور پاکستان کے انسانی وسائل کی استعداد بڑھانے کے مختلف امکانات کا جائزہ لیا گیا۔وفاقی وزیر نے حکومت کے اہم منصوبے امریکہ پاکستان نالج کاریڈور سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اس منصوبے کے تحت دس ہزار پاکستانی طلبہ کو دنیا کی بہترین جامعات سے ڈاکٹریٹ کی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے ایک ایسے اشتراکی ماڈل کی تجویز پیش کی جس کے تحت پاکستانی محققین پاکستان کو درپیش اہم ترقیاتی چیلنجز پر امریکی جامعات میں تحقیق کریں جبکہ جامعات تعلیمی اخراجات میں معاونت فراہم کریں اور پاکستان سفری و انتظامی اخراجات برداشت کرے۔اس تجویز کو مثبت انداز میں سراہا گیا اور دونوں جانب سے اس پر پیش رفت میں دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر احسن اقبال نے کہا، امریکہ کی حقیقی طاقت اس کی جامعات ہیں۔ پاکستان بھی معیاری تعلیم، تحقیق اور اختراع میں سرمایہ کاری کے ذریعے علم پر مبنی معیشت کی بنیاد رکھ رہا ہے اور اس مقصد کے لیے دنیا کے ممتاز تعلیمی اداروں کے ساتھ مضبوط شراکت داری ناگزیر ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت ملک میں اعلیٰ تعلیم تک رسائی بڑھانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس امر کی بھی نشاندہی کی کہ پاکستان اُن چند ممالک میں شامل ہے جو فل برائٹ وظائف کی مشترکہ مالی معاونت کرتے ہیں، جس کے باعث بڑی تعداد میں پاکستانی طلبہ امریکہ کی جامعات میں زیر تعلیم ہیں۔انہوں نے مصنوعی ذہانت کو اعلیٰ تعلیم میں مؤثر انداز سے شامل کرنے، نصاب، تدریسی طریقہ کار اور طلبہ کی جانچ کے جدید نظام سے استفادہ کرنے کے حوالے سے بھی تعاون کی خواہش ظاہر کی۔ بعد ازاں وفاقی وزیر نے بوسٹن یونیورسٹی کے ادارہ عالمی پائیداری اور عالمی ترقیاتی پالیسی مرکز کا دورہ کیا، جہاں ڈاکٹر بنجنین سوداکول اور ڈاکٹر ولیم کرنگ سے ملاقات میں موسمیاتی تبدیلی، پائیدار ترقی اور تحقیقی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان دنیا کے اُن ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلی کے شدید اثرات کا سامنا کر رہے ہیں، حالانکہ عالمی حدت میں اس کا حصہ ایک فیصد سے بھی کم ہے۔انہوں نے 2022ء کے تباہ کن سیلاب کا حوالہ دیتے ہوئے موسمیاتی موافقت، لچک، حیاتیاتی تنوع کے تحفظ، صاف توانائی کے فروغ اور موسمیاتی مالی معاونت کے نئے ذرائع پر مشترکہ تحقیق کی ضرورت پر زور دیا۔اس موقع پر پاکستان اسٹی ٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس اور بوسٹن یونیورسٹی کے متعلقہ تحقیقی اداروں کے درمیان مفاہمت کی یادداشتوں پر باضابطہ دستخط کیے گئے۔ اس موقع پر احسن اقبال نے کہا کہ شعیب عابد کو ٹکٹ نہ ملنے کا دکھ قیادت بخوبی محسوس کرتی ہے، شعیب عابد نے بڑے دل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پارٹی فیصلہ قبول کیا، شعیب عابد نے میاں نواز شریف اور پارٹی پر اعتماد کیا، مسلم لیگ (ن) شعیب عابد کی احسان مند ہے، انتخابات کا مقصد کامیاب ہو کر عوام کی خدمت کرنا ہے، حکومت بننے سے عوامی مسائل حل کرنے کے زیادہ مواقع ملتے ہیں۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ترقیاتی سیاست کی ہے، پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ نواز شریف نے کیا، پاکستان میں بڑے منصوبے موٹرویز، ایئرپورٹس اور ترقیاتی کا مسلم لیگ (ن) کی پہچان ہیں، کشمیر میں بھی مسلم لیگ (ن) نے بڑے ترقیاتی منصوبے مکمل کیے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عوامی ایکشن کمیٹی سے مذاکرات حکومت نے سنجیدگی سے کیے، بجلی اور گندم سبسڈی سمیت عوامی ریلیف کے اقدامات کیے گئے، آئینی فیصلے صرف اسمبلی کے ذریعے ہی ہو سکتے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ دھرنے اور لانگ مارچ قانون سازی کا متبادل نہیں، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، تحریک آزادی کشمیر تحریک پاکستان کی تحریک ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ کشمیر کاز کی حمایت کی، پارٹی نے انتخابی فیصلے وسیع تر سیاسی مفاد میں کیے، شعیب عابد سے کیے گئے وعدے ضرور پورے کیے جائیں گے۔ رانا ثنا اللہ نے آزاد کشمیر کے کارکنوں سے شیر کے نشان پر متحد ہونے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر میں واضح اکثریت حاصل کرے گی، میاں نواز شریف آزاد کشمیر میں دو بڑے انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے

بقیہ 16

نے بیتھل چیس چیمپئن شپ کے تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں انہوں نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان نسل میں صلاحیتوں کی کمی نہیں، ہمارے نوجوان دنیا بھر میں کھیلوں کے میدانوں میں اپنا نام روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شطرنج کے کھیل میں ہمارے نامور کھلاڑیوں نے پاکستان کا نام دنیا میں بلند کیا، جسمانی اور ذہنی صلاحیتیں مل کر ہی شطرنج کا کھلاڑی بناتی ہیں۔اس ٹورنامنٹ میں جن جن کھلاڑیوں نے کامیابی حاصل کی وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔انہوں نے خصوصی طور پر خاتون شطرنج چیمپئن صاحبہ شاہ کو اس مرتبہ بھی چیمپئن بننے پر مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ منعقد کرانے پر پاکستان چیس فیڈریشن مبارکباد کی مستحق ہے، حکومت کی طرف سے یقین دلاتا ہوں اور وزیر اعظم نے ہمیشہ اس بات کی ہدایت کی ہے کہ ملک کی نوجوان نسل کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ وہ تمام کھیلوں میں ملک کا نام دنیا میں روشن کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا کہ ہاکی اور سکواش سمیت پاکستان کئی کھیلوں کا دنیا میں چیمپئن تھا، وزیر اعظم نے ملک میں ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام شروع کیا ہے جس میں صوبائی اور قومی سطح پر نوجوانوں کو سلیکٹ کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو تمام سہولیات فراہم کریں گے۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ گزشتہ سال 9 اور 10 مئی کو بھارت کے مقابلے میں پاکستان کو جو فتح نصیب ہوئی اس نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے

بقیہ 17

کے خدشات کے باعث تیل کی قیمتوں میں مسلسل چوتھے روز اضافہ ہوا ہے۔برطانوی خبر ایجنسی کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت 0.4 فیصد اضافے سے 85.28 ڈالر فی بیرل اور ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت 0.5 فیصد بڑھ کر 80.02 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔رپورٹ کے مطابق آبنائے ہرمز میں حملوں کے باعث تیل کی ترسیل متاثر ہونے کے بعد رواں ہفتے قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر خلیجی ممالک سے تیل کی برآمدات محدود رہیں تو برینٹ خام تیل کی قیمت 110 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر سکتی ہے۔

بقیہ 18

قومی پیغام امن کمیٹی کے رہنماں کے ہمراہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا کہ شہید کا مرتبہ بہت اعلیٰ اور افضل ہے، شہید کی موت قوم کی حیات ہے اور شہید کی توہین دراصل ملک کی توہین ہے۔ نہال ہاشمی کا کہنا تھا کہ مال دینا آسان لیکن جان دینا بہت مشکل ہے، ہمیں اپنے شہدا اور غازیوں پر فخر ہے اور ملکی عزت و وقار ہم سب کے لیے مقدم ہے۔انہوں نے کہا کہ امید ہے مولانا فضل الرحمان اپنے الفاظ واپس لے لیں گے

بقیہ 19

عدالت جائے گی، ہائیکورٹ سے ضمانت نہ ملنے پر کیس سپریم کورٹ سنے گی، نیب سیکشن 32 کا اطلاق ضمانت کیسز پر نہیں ہوتا۔ جمعرات کو جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ سوال یہ ہے ملزم کو ضمانت دینے پر درخواست کو اپیل میں تبدیل کیا جاتا ہے، عدالت نے کہا کہ سپریم کورٹ ضمانت درخواست کو اپیل میں تبدیل کرے تو اپیلیٹ فورم بن جائے گی۔جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ نیب قانون کے مطابق اپیلیٹ فورم وفاقی آئینی عدالت ہے، ضمانت کیسز میں سپریم کورٹ ضمانت کے کیسز سنے اس کیلئے قانونی منصوبے کے تحت کیسز، دماغی امراض اور دیگر پیچیدہ بیماریوں کی تیز، موثر اور زیادہ درست تشخیص ممکن بنائی جائے گی جس سے تقریبا 20 کروڑ پاکستانیوں کے مستفید ہونے کی توقع ہے۔1100 سرکاری و نجی ہسپتالوں میں اے آئی نظام نافذ کیا جائے گا، علی بابا گروپ اور صحت کارڈ پروگرام کے درمیان آئندہ ماہ معاہدہ متوقع ہے۔مصنوعی ذہانت کے ذریعے تشخیصی اخراجات میں اربوں روپے کی بچت متوقع ہے، اسلام آباد، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، جی بی اور آزاد کشمیر میں منصوبہ نافذ ہوگا۔وزیر اعظم نے علی بابا گروپ کے سربراہ کو پاکستان آنے کی دعوت دے دی، وزیر اعظم صحت کارڈ پر وفاقی سالانہ 10 ارب، پنجاب 60، بلوچستان 10 ارب روپے، خیبر پختونخوا صحت سہولت کارڈ پر سالانہ 40 ارب روپے سے زائد خرچ کر رہا ہے۔

بقیہ 20

کارروائی کی جائے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت خطے میں کشیدگی کے ملکی معیشت پر اثرات کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں سادگی و کفایت شعاری کے اقدامات پر رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ خطے کی صورتحال میں غیر یقینی برقرار ہے، ہر ممکنہ چیلنج سے نمٹنے کے لیے مکمل تیاری رکھیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ عبوری صوبائی حیثیت مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے موقف کو متاثر نہیں کرے گی اور نہ ہی اقوام متحدہ کی قراردادوں کے متصادم ہوگی۔ قرارداد میں وفاقی حکومت کو آئینی، قانونی اور انتظامی اقدامات شروع کرنے کی سفارش کرتے ہوئے گلگت بلتستان کیلئے این ایف سی ایوارڈ کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ قرارداد میں گلگت بلتستان کے عوام کی قومی مسائل میں منصفانہ حصہ داری کی حمایت بھی کی گئی

بقیہ 21

بنیادوں پر 62.4 فیصد اضافے کے بعد 4.7 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جبکہ برآمدات میں کمی اور درآمدات میں نمایاں اضافے نے بیرونی تجارتی توازن پر دباؤ مزید بڑھا دیا ہے۔ پی بی ایس کے مطابق جولائی 2026ء میں ملکی برآمدات 9 فیصد کمی کے بعد 2.2 ارب ڈالر رہ گئیں، جو گزشتہ 14 ماہ کی کم ترین سطح ہے۔ اس عرصے کے دوران ٹیکسٹائل برآمدات بھی 17 فیصد کمی کے بعد 1.3 ارب ڈالر تک محدود رہیں، جو گزشتہ 14 ماہ کی کم ترین سطح تصور کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب جون کے دوران درآمدات میں 29 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور ان کا حجم 6.9 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جو گزشتہ 48 ماہ کی بلند ترین سطح ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسی عرصے میں

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کے افسران سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

شہداء کی قربانیوں پر سوال اٹھانا انکی عظمت کو کم کرنا سب کو منظور نہیں، میر علی حسن زہری

قومی سلامتی، پاک فوج اور شہداء جیسے حساس قومی معاملات کو سیاسی بیانات کی نذر نہیں کرنا چاہیے

پاکستان کی مسلح افواج اس ملک کی سلامتی، خودمختاری اور جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہیں



اسلام آباد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری اور سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے مولانا فضل الرحمٰن کے حالیہ بیان (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس

ڈیوٹی میں غفلت برتنے اور دورانِ وزٹ غیر حاضر پائے جانے والے اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خٹک کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حافظ جمال الدین بزدار اور دیگر کمیٹی ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)



جاپان کے قائم مقام قونصل جنرل تموراتا کا ہیرو، مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ کاظمی میل ایجوکیشن ٹرسٹ کے عہدیداروں رحیمہ جلال، کریمہ جلال اور نوروز بلوچ کے ہمراہ گروپ فوٹو

فی میل ایجوکیشن ٹرسٹ وفد کی جاپانی قونصل جنرل سے ملاقات

رحیمہ جلال اور کریمہ جلال نے بلوچستان میں اونٹ پر انوکھا کتب خانہ قائم کرنے بارے بتایا

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) فی میل ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایک وفد نے جاپان کے کراچی قونصلیٹ میں تعینات قائم مقام قونصل جنرل تموراتا کا ہیرو سے ملاقات کی۔ وفد میں زبیدہ جلال گرلز ہائی سکول کی شریک بانی اور پرنسپل میڈم رحیمہ جلال، میر جلال خان ہائیر سیکنڈری سکول کی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

وڈھ: صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری پیپلز پارٹی کے رہنماء اور قبائلی شخصیت میر شفیق الرحمٰن مینگل سے ملاقات کر رہے ہیں

بچوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، خالد خان

چائلڈ پروٹیکشن سے متعلق تمام کیسز کو فوری، شفاف اور مؤثر انداز میں نمٹایا جائے

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ چائلڈ پروٹیکشن ریفرل سسٹم کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں چائلڈ پروٹیکشن کیس مینجمنٹ اور ریفرل (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

تربت، شہر میں تجاوزات کے خلاف کارروائی

کارروائی کے دوران سڑک اور فٹ پاتھ پر رکھا گیا سامان ضبط کرلیا، ایک شخص گرفتار

تربت (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی نے میونسپل کارپوریشن تربت کے عملے کے ہمراہ شہر کے علاقے اسٹار پلس میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: شہباز شریف کو معروف دانشور ڈاکٹر فاروق عادل اپنا سفرنامہ ''شاخ زریں کے دائیں بائیں'' پیش کر رہے ہیں

حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، بہادر خان کھوسہ

عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی ہدایت پر عوامی مسائل کے فوری حل اور ضلعی انتظامیہ سے براہِ راست رابطے کو مؤثر بنانے کے لیے تحصیل میر حسن میں کھلی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

لسبیلہ، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ کی (بی ایچ یو) کا دورہ

عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور مجموعی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے سب تحصیل لیاری میں قائم بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مرکز کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں بلوچستان اے آئی ٹیسٹنگ ریکروٹمنٹ یونٹ قائم کردیا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیے کے مطابق حکومت بلوچستان نے یکم جولائی 2026 سے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں بلوچستان اے آئی ٹیسٹنگ ریکروٹمنٹ یونٹ قائم کرلیا ہے۔

جھل مگسی، غیرت کے نام پر خاتون سمیت دو افراد کو قتل کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد اور جھل مگسی کے سرحدی علاقے میں غیرت کے نام پر خاتون سمیت دو افراد کو قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد اور جھل مگسی کے سرحدی ایریا شہید کلو کے مقام پر مسلح افراد نے مبینہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

ڈھاڈر، شاہی باغ کے قریب نامعلوم ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

ڈھاڈر (نامہ نگار) شاہی باغ کے قریب نامعلوم ڈاکوؤں کی فائرنگ سے خمیسہ خان زخمی ہوگئے۔ زخمی کو فوری طور پر اسپتال منتقل کردیا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں شدید گرمی برقرار، نوکنڈی 46 ڈگری کے ساتھ گرم ترین شہر

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آج بھی موسم خشک اور شدید گرم رہنے کا امکان ہے، جبکہ میدانی علاقوں میں گرمی کی شدت برقرار رہے گی۔ محکمہ موسمیات کی جاری کردہ رپورٹ کے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

بلوچستان بار کونسل کا آج ہونے والی شٹر ڈان ہڑتال اور دھرنے کی مکمل حمایت کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بار کونسل نے تمام سیاسی جماعتوں کی جانب سے آج بروز جمعہ 17 جولائی 2026 کو دی جانے والی شٹر ڈان ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے بلوچستان بھر کی تمام عدالتوں میں عدالتی کارروائی کے مکمل بائیکاٹ کا فیصلہ کیا ہے بلوچستان بار کونسل کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے کی تمام سیاسی جماعتوں کی جانب سے آج ہونے والی شٹر ڈان ہڑتال اور دھرنے کے حوالے سے بار کونسل نے مکمل یکجہتی اور حمایت کا اظہار کیا ہے

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883702
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731628

جمہوری معاشروں میں آزاد صحافت ریاست کی مضبوطی کی علامت ہوتی ہے

نیشنل پارٹی

بلوچستان حکومت ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو فوری طور پر واپس لے

بلوچستان کے مقامی اخبارات گزشتہ کئی دہائیوں سے عوامی مسائل حکومتی کارکردگی، علاقائی محرومیوں اور دور افتادہ علاقوں کی آواز بنے ہوئے ہیں

حکومت کی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی 2026 آزادی صحافت، مقامی صحافت، عوام کے حقِ معلومات اور جمہوری اقدار کے خلاف ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں بلوچستان حکومت کی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی 2026 کو آزادی صحافت، مقامی صحافت، عوام کے حقِ معلومات اور جمہوری اقدار کے خلاف قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یہ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

ہیلتھ کیئر سروسز کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی

عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی نے تحصیل کنگری کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کنگری سمیت علاقے کے مختلف بنیادی مراکز صحت کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

نوتعمیر شدہ گراؤنڈ کھیل کے میدانوں کی زینت اور توجہ کا مرکز بن چکا ہے

گراؤنڈ میں کرکٹ کے شوقین افراد اور کھلاڑیوں کے لیے تمام جدید اور بنیادی سہولیات فراہم کی، عوامی حلقے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) صحبت پور کے علاقے دبھ گاڑی میں نوتعمیر شدہ ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اپنی بے مثال خوبصورتی، جدت اور شاندار ماحول کی بدولت اس وقت پورے نصیر آباد ڈویژن میں کھیل کے میدانوں کی زینت اور توجہ کا مرکز بن چکا ہے۔ عوامی حلقوں نے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ تربت کوسٹ ڈومیسٹک فلائٹ کے ذریعے بڑے شہروں سے منسلک کر چکے ہیں

گوادر فری زون مندوخیل

آج کا دن پاکستان اور بلوچستان کیلئے ایک قابل فخر اور تاریخی لمحہ ہے، انشاء اللہ بہت جلد عوام کو ژوب اور پنجگور سے ہوائی پروازوں کا سلسلہ شروع کریں گے، جعفر خان مندوخیل

ساؤتھ ایئر لائن نے کوئٹہ اور تربت کو پاکستان کے تمام بڑے شہروں سے منسلک کر کے فرسٹ ڈومیسٹک فلائٹ کا آغاز کر دیا ہے، راحیلہ حمید خان درانی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ آج ہم نے کوئٹہ اور تربت کو ڈومیسٹک فلائٹ کے ذریعے پاکستان کے تمام بڑے شہروں سے منسلک کر چکے ہیں۔ اور انشاء اللہ بہت جلد عوام کو ژوب اور پنجگور سے ہوائی پروازوں کا سلسلہ شروع کریں گے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آج کا دن پاکستان بالخصوص بلوچستان کیلئے فضائی رابطوں کو بحال کرنے کا ایک قابل فخر لمحہ ہے۔ یہ میرے لئے ایک اعزاز ہے کہ تقریباً دو برس کے مختصر عرصے میں کوئٹہ ٹو جدہ اور کوئٹہ ٹو زائدان کی پروازوں کا آغاز کرنے کے بعد ہم آج ساؤتھ ایئر لائن کی فرسٹ ڈومیسٹک (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

اے این پی کی رکن صوبائی اسمبلی سلمیٰ کاکڑ، سمائلہ اسماعیل، سابق ایم پی اے مصومہ حیات، زینب بلوچ، روزینہ گل، مسکان کاکڑ، زینب پانیزئی، کاشفہ کاکڑ، اولس مینہ بازئی زرشہ ترین، اور دیگر کوئلہ پھاٹک پر زیارت میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین اور خواتین کے دھرنے سے خطاب کر رہی ہیں

دھرنے کے شرکاء کے مطالبات مسلسل انکار حکومتی دھرمی کا ثبوت ہے

پشتونخوا میپ

بدامنی، دہشت گردانہ واقعات کے دوران بے گناہ نہتے انسانوں کے خون ناحق بہانے کے انسانیت سوز واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے

عوام کو امن، سرومال کا تحفظ فراہم کیا جائے اور زیارت احتجاجی دھرنے کے تمام مطالبات کو فی الفور تسلیم کیئے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ جاری کردہ بیان پارٹی جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کی ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ زیارت کوئٹہ میں جاری سانحہ زیارت کے خلاف احتجاجی دھرنے کے مطالبات پر حکومتی ہٹ دھرمی اور دہشت (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

میر پور، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

گندواہ (این این آئی) میر پور کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک کردیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل میر پور پولیس تھانہ میر پور کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت نعیم عرف فتح علی ولد منٹھار علی، قوم صوبھانی عمرانی کے نام سے ہوئی ہے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او میر پور گہرام خان لاشاری پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور قانونی کارروائی کے بعد لاش کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال گنداواہ منتقل کیا

رکھنی، ڈیم پر نہاتے ہوئے ایک شخص ڈوب گیا

رکھنی (یو این اے) ضلع بارکھان کی تحصیل رکھنی کے علاقے لبستی کجا میں ڈیم پر غسل کے دوران ایک شخص کے پانی میں ڈوب جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے، جس کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ ذرائع کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب مذکورہ شخص ڈیم میں نہا رہا تھا کہ اچانک گہرے پانی میں چلا گیا اور ڈوب گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد موقع پر جمع ہوگئے اور امدادی کارروائی کے لیے متعلقہ اداروں کو آگاہ کیا گیا

ڈیرہ بگٹی، اغوا ہونے والی 6 سالہ بچی بحفاظت بازیاب، 2 اغوا کار گرفتار

ڈیرہ بگٹی (پ ر) ڈیرہ بگٹی پولیس کی دو مختلف مقدمات میں کامیاب کارروائیاں، اغوا شدہ بچی بازیاب، چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد۔ ڈیرہ بگٹی پولیس نے دو مختلف مقدمات میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ اغوا شدہ 6 سالہ بچی کو بحفاظت بازیاب اور چوری شدہ موٹر سائیکل بھی برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق پہلی کارروائی میں دو روز قبل اغوا ہونے والی 6 سالہ بچی کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ اس مقدمے میں ملوث ملزمان پونم ال اور امداد علی کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ دوسری (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

اختلافِ رائے جمہوری معاشرے کا حسن ضرور ہے، ثمینہ ممتاز زہری

مسلح افواج وطن کی آزادی، خودمختاری اور جغرافیائی سالمیت کی مضبوط ترین ضمانت ہیں

اسلام آباد (پ ر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مولانا فضل الرحمٰن کے حالیہ بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج اور وطن عزیز کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے بارے میں غیر محتاط اور حقائق سے ہٹ کر دیے جانے والے بیانات قومی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

مکران ڈویژن میں فضائی سفر کے ایک نئے دور کا آغاز

نجی فضائی کمپنی ساؤتھ ایئر لائن کی پہلی پرواز کراچی سے مسافروں کو لے کر تربت پہنچ گئی

تربت (خ ن) مکران ڈویژن میں فضائی سفر کے ایک نئے دور کا آغاز کردیا گیا۔ پاکستان کی نجی فضائی کمپنی ساؤتھ ایئر لائن کی پہلی پرواز کراچی سے مسافروں کو لے کر تربت پہنچ گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی، ایس ایس پی کیچ کیپٹن (ر) زوہیب محسن اور (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی کا سنجاوی کا دورہ

شہداء نے وطن کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جنید شیخ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج، جنید احمد شیخ نے سنجاوی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیس اہلکاروں کے مسائل سنے کے لیے پولیس دربار منعقد کیا۔ ڈی آئی جی جنید احمد شیخ نے کہا کہ شہادت اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کیا جانے والا عظیم رتبہ ہے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: انٹرنیشنل نرسز ڈے کے موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی اور دیگر نرسنگ کالج کی طالبات کی جانب سے لگائے گئے میڈیکل سے متعلق اسٹالوں کا معائنہ کر رہے ہیں

ٹریفک پولیس کی حفاظتی مہم کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے ہیں

شہر میں متعدد ٹریکٹر مالکان نے اپنی ٹرالیوں کو ترپال سے ڈھانپنا شروع کر دیا

کوئٹہ (خ ن) ایس ایس پی ٹریفک پولیس محمد بلوچ نے کہا کہ ٹریفک پولیس کی جانب سے شروع کی گئی حفاظتی مہم کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے ہیں۔ آگاہی مہم اور قانون پر عمل (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

طارق علی بگٹی کا مبینہ میرٹ کی خلاف ورزیوں پر انصاف کا مطالبہ

جب میرٹ کی پامالی ہو اور انصاف نہ ملے تو پڑھے لکھے نوجوانوں کا اعتماد مجروح ہوتا ہے

نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) نصیر آباد کی یونین کونسل مانجھوٹی غربی کے رہائشی طارق علی بگٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے دوران میرٹ کو نظر انداز کیا گیا، جس سے نوجوانوں میں شدید مایوسی پھیل رہی ہے۔ طارق علی بگٹی نے کہا کہ جب میرٹ کی پامالی ہو اور انصاف نہ ملے تو (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

قائد کے بیانیہ و سیاق و سباق سے ہٹ کر تنازع بنانے کی کوششیں سیاسی ذہانت کے منافی ہیں

مولانا واسع

بلوچستان سے خیبر تک کشیدہ حالات میں بھی جمعیت علماء اسلام نے تصادم کے بجائے آئین، جمہوری اور سیاسی جدوجہد کو فروغ دیا

اختلافِ رائے ہر ایک کا حق ہے، مگر کردار کشی، میڈیا ٹرائل اور تاریخی حقائق کو مسخ کرنا قومی سیاست اور جمہوری اقدار کے لیے نقصان دہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ملک، آئین اور قومی سلامتی کے لیے سب سے زیادہ قربانیاں جمعیت علماء اسلام نے دی ہیں۔ میدانِ سیاست میں شکست کھانے والے آج کرائے کے کرداروں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

صحبت پور کے ضلعی تعلیم افسر کا تبادلہ، عبدالحمید ابڑو نئے ڈی ای او مقرر

صحبت پور (یو این اے) محکمہ تعلیم بلوچستان نے ضلع صحبت پور کے ضلعی تعلیم افسر (ڈی ای او) پنہل خان کھوسو کا تبادلہ کر دیا ہے۔ جاری کردہ سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق پنہل خان کھوسو کو ایلیمنٹری کالج جعفر آباد کا پرنسپل تعینات کیا گیا ہے، جبکہ پوسٹنگ کے منتظر عبدالحمید ابڑو کو ضلع صحبت پور کا نیا ضلعی تعلیم افسر مقرر کر دیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے تبادلوں اور تقرریوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس کے بعد نئے ضلعی تعلیم افسر عبدالحمید ابڑو جلد اپنے عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔

محمد عارف کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (پ ر) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کے صدر سینیٹر سرمد علی اور سیکرٹری جنرل محمد اطہر قاضی نے اے پی این ایس کے عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے روزنامہ اباسین رحیم یار خان کے ایڈیٹر محمد عارف کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے محمد عارف سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحومہ کیلئے دعا کی کہ خدا مرحومہ کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل عطا کرے۔

نصیر آباد کے علاقے میر حسن خان کھوسہ میں کھلی کچہری

عوامی مسائل کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری

نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں سے براہِ راست رابطے کے فروغ کے لیے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی ہدایت پر تحصیل میر حسن خان کھوسہ کے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول دولت گھاڑی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

اسسٹنٹ کمشنر قلات کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کا ضلعی انتظامیہ کے ساتھ براہ راست رابطہ ہے، اسد سمالانی

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر قلات اسد سمالانی کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں ایف سی کرنل نوید ڈی ایس پی ماہیوال تحصیلدار قلات حاجی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

پولیو کے خاتمے کے لیے بین الادارہ جاتی تعاون ناگزیر ہے، ولی محمد بڑیچ

پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت، محکمہ صحت، والدین اور معاشرے کے ہر فرد کی مشترکہ ذمہ داری ہے

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت ڈویژنل پولیو ٹاسک فورس کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں آئندہ انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، سابقہ مہم کی کارکردگی اور بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

کوئلہ پھاٹک پر زیارت میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی خواتین کے دھرنے کی شرکاء

ڈپٹی کمشنر اٹلینڈ ریونیو شعیب ہاشمی اور ایڈمن آفیسر ایف بی آر عمران عزیز کا بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے وفد کے ہمراہ ایف بی آر آفس میں گروپ فوٹو

پائیدار امن انصاف کے قیام دیانت داری اور قومی یکجہتی ناگزیر ہے

ہدایت الرحمٰن بلوچ

حکومت اور بااختیار حلقوں کو زیارت دھرنے کے تمام جائز مطالبات ہر صورت تسلیم کرنا ہوں گے

بلوچستان کے پہاڑوں، شہروں، شاہراہوں اور بستیوں کو محفوظ بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے پہاڑوں، شہروں، شاہراہوں اور بستیوں کو محفوظ بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ صوبے میں پائیدار امن، عدل اور انصاف کے قیام کے لیے اخلاص، دیانت داری اور قومی یکجہتی ناگزیر ہے۔ طاقتور طبقات نے بلوچستان کے قدرتی وسائل، معدنیات اور خزانوں کو عوام کے لیے ترقی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر)